★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | بدھ 11 رمضان المبارک 1446ھ، 12 مارچ 2025ء، 28 پھاگن 2081پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 136

190 ملین پاؤنڈز سے دانش یونیورسٹی بنائیں گے

وزیر اعظم

دہشت گردی نے پھر سر اٹھایا ہے، خیبر پختون خوا اور بلوچستان میں دہشت گردی کے خلاف جنگ جاری ہے، کابینہ میں توسیع کے بعد یہ پہلا اجلاس ہے، ہمیں ترقی کی جانب دوڑ لگانی ہوگی: شہباز شریف

نئے ارکان کی شمولیت سے کارکردگی مزید بہتر ہوگی، آئی ایم ایف کی معاونت اور آپ کی محنت سے میکرو اکنامک استحکام آیا، ابھی تک معاملات تسلی بخش اور اچھے طریقے سے آگے بڑھ رہے ہیں: وفاقی کابینہ کے اجلاس سے خطاب



منیر اکرم اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ دہشت گردی نے پھر سر اٹھایا ہے، خیبر پختون خوا اور بلوچستان میں دہشت گردی کے خلاف جنگ جاری ہے۔ وفاقی کابینہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کابینہ میں توسیع کے بعد یہ پہلا اجلاس ہے، ہمیں ترقی کی جانب دوڑ لگانی ہوگی، امید ہے پاکستان کی ترقی کے لیے آپ شبانہ روز محنت کریں گے، کابینہ میں نئے ارکان کی شمولیت سے کارکردگی مزید (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

وزیر اعلیٰ مریم نواز کا سرگودھا میں خاتون کے قتل کے واقعے کا نوٹس، قاتل کو سخت سزا دینے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے سرگودھا میں خاتون کے قتل کے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے قاتل کو سخت سزا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

پاکستان نے آئی ایم ایف کو ٹیکس عائد کرنے کی قانون سازی سے آگاہ کر دیا

سالانہ 6 لاکھ روپے آمدن تک کوئی ٹیکس لاگو نہیں ہوگا، دستاویز کا متن

اسلام آباد (این این آئی) پالیسی مذاکرات کے دوران پاکستان نے آئی ایم ایف کو اس کی شرط پر ٹیکس عائد کرنے کے لیے قانون سازی سے آگاہ کر دیا۔ دستاویز کے مطابق پاکستان میں زرعی آمدن پر انکم ٹیکس کی شرح کارپوریٹ سیکٹر کے برابر رکھی گئی ہے، زرعی شعبے میں سالانہ 6 لاکھ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

ایک بار کیلئے نافذ کیا گیا سپر ٹیکس کیا قیامت تک چلے گا؟ سپریم کورٹ

سپر لیوی ٹیکس حکومت نے 2015 میں نافذ کیا تھا، ابتدائی تخمینہ 80 ارب روپے اکٹھے کرنے کا تھا، نہیں معلوم حکومت نے سپر لیوی ٹیکس کی مد میں کتنی رقم اکٹھی کی؟ جسٹس جمال مندوخیل

اعتراض ہے کہ قومی مجموعی فنڈز سے رقم صوبوں کی رضامندی بغیر کیسے خرچ ہو سکتی ہے، جسٹس امین الدین،، دہشت گردی کے خلاف جنگ مسلسل عمل ہے، وکیل ایف بی آر رضا ربانی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں سپر ٹیکس کیس کی سماعت کے دوران جسٹس محمد علی مظہر نے ریمارکس دیے ہیں کہ سپر ٹیکس ایک مرتبہ کے لیے لگایا گیا تھا، خاص مقصد کے لیے لگایا گیا تھا، ایک بار سپر ٹیکس نافذ کرنے کے بعد کیا قیامت تک چلے گا؟ جسٹس امین الدین کی سربراہی میں آئینی بینچ نے سپر ٹیکس کیس کی سماعت کی، اس دوران کمپنیوں کے وکیل مخدوم علی خان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

نستا موجود سے افغان میں 20 زائد دہشتگرد تنظیمیں خطے اور دنیا کیلئے خطرہ ہیں پاکستان

پاکستان نے عالمی برادری کی توجہ افغانستان میں دہشت گرد تنظیموں کی طرف مبذول کرادی، اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے اجلاس میں پاکستانی مستقل مندوب منیر اکرم کا خطاب

کالعدم ٹی ٹی پی دہشت گرد تنظیموں کے لیے چھتری تنظیم بن رہی ہے، ان خطرات میں القاعدہ، ٹی ٹی پی، بی ایل اے اور مجید بریگیڈ جیسی تنظیمیں شامل ہیں

نیویارک (این این آئی) پاکستان نے عالمی برادری کی توجہ افغانستان میں دہشت گرد تنظیموں کی طرف مبذول کرادی، اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے اجلاس میں پاکستانی مستقل مندوب منیر اکرم نے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ کالعدم ٹی ٹی پی دہشت گرد تنظیموں کے لیے چھتری تنظیم بن رہی ہے، افغانستان میں موجود 20 سے زائد دہشت گرد تنظیمیں خطے اور دنیا کے لیے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)



اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حملہ آوروں نے جعفر ایکسپریس کے مسافروں کو یرغمال بنا لیا

فورسز کا آپریشن

کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس پر نامعلوم افراد کی فائرنگ، ڈرائیور سمیت کئی مسافروں کو زخمی، دہشت گردوں نے ٹرین کو ٹنل میں روک کر مسافروں کو یرغمال بنا لیا، خواتین اور بچے زیادہ ہیں، سیکیورٹی ذرائع

جب ٹرین گڈالار اور پیرو کنری کے علاقے سے گزری تو وہاں نامعلوم مسلح افراد نے ٹرین پر فائرنگ کر دی، مسافر ڈرے سہمے ہوئے ہیں جب کہ علاقے میں اب بھی فائرنگ کی آوازیں سنائی دے رہی ہیں: عینی شاہدین

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس پر نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ڈرائیور سمیت کئی مسافروں کو زخمی کر دیا، دہشت گردوں نے مچھ کی پہاڑیوں میں ٹرین روک کر پانچ سو مسافروں کو یرغمال بنا لیا۔ ذرائع کے مطابق آج صبح ساڑھے نو بجے ٹرین کوئٹہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)



لاہور: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سکول ایجوکیشن سے متعلق خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

پنجاب میں 25 لاکھ مستحقین تک رمضان پیکیج پہنچا دیا: عظمیٰ بخاری

مریم نواز کی حکومت میں کسی کو جعلسازی اور دو نمبری کی اجازت نہیں دی جائے گی

کارکردگی کی بجائے الزامات کا کھیل کھیلنے سے گنڈاپور کی نااہلی چھپ نہیں سکتی

لاہور (خبر نگار) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پنجاب میں 25 لاکھ مستحقین تک رمضان پیکج پہنچا دیا، کے پی حکومت ابھی تک منظوری کی منتظر ہے۔ ماڈل ریڑھی منصوبہ میرٹ پر پورا اترنے والی کمپنی کو ٹھیکہ دیا گیا ہے۔ مریم نواز کی حکومت میں کسی کو جعلسازی اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

اقوام متحدہ کے ریزیڈنٹ کوآرڈینیٹر کی وزیر خزانہ سے ملاقات

جب تک بنیادی مسائل کو حل نہیں کیا جاتا، پاکستان میں معاشی استحکام نہیں آ سکتا، وزیر خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب سے وزارت خزانہ میں اقوام متحدہ کے ریزیڈنٹ کوآرڈینیٹر محمد یحییٰ نے ملاقات کی۔ ان کے ہمراہ یوسف کے نمائندے جناب عبداللہ فاضل بھی موجود تھے۔ ملاقات میں قرضوں کے انتظام، قرضوں کی تنظیم نو، (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد ہائیکورٹ کا جیل حکام کو عمران خان سے وکالت نامے دستخط کروا کر پیش کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے جیل حکام کو بانی پی ٹی آئی عمران خان سے وکالت نامے دستخط (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

مت حکومت گڑی ہے، وفاقی کابینہ کی تعداد آئین کے مطابق ہے، رانا ثنا

وفاقی کابینہ کا ایک قلمدان ایک ہی آدمی کو دیکھنا چاہیے، ایک آدمی کی اتنی ہمت نہیں ہوتی کہ 3 قلمدان ایک ساتھ دیکھے

لاہور (این این آئی) وزیر اعظم کے مشیر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ اللہ کے فضل سے حکومت گڑی ہے، وفاقی کابینہ کی تعداد زیادہ ہو تو وزیر اعظم سے سوال ہو سکتا ہے، وفاقی کابینہ کی تعداد آئین کے مطابق ہے، وفاقی کابینہ میں جتنے ارکان کی تعداد ہونی چاہیے وہ ہے، وفاقی کابینہ کا ایک قلمدان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)



اسلام آباد: وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے یو این ریذیڈنٹ کوآرڈینیٹر ملاقات کر رہے ہیں

حکومت کپاس کی پیداوار بڑھانے کے لیے پرعزم ہے، وفاقی وزیر رانا تنویر حسین

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی خوراک و تحقیق رانا تنویر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

اسٹیٹ بینک نے معاشی استحکام کا حکومتی بیانیہ مسترد کر دیا، مزمل اسلم

پشاور (این این آئی) مشیر خزانہ خیبر پختونخوا مزمل اسلم نے حکومت کے معیشت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)

قائم مقام چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ کا مختلف شعبوں کا دورہ

بائیومیٹرک، دائری برانچ کا بھی دورہ، ہائیکورٹ کی مرکزی ریسپشن پر سائلین کو فراہم والی سہولیات کا جائزہ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ کے قائم مقام چیف جسٹس سرفراز ڈوگر نے عدالت کے مختلف شعبوں کا اچانک دورہ کیا ہے۔ قائم مقام چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ سرفراز ڈوگر نے اپنے چیمبر جانے سے پہلے ہائی کورٹ کے مختلف شعبوں کا اچانک دورہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

ہائیکورٹ نے پرویز الٰہی کی درخواست پر فیصلے سناتے ہوئے درخواست نمٹا دی

درخواست گزار کو اگر کوئی شکایت ہے تو متعلقہ فورم سے رجوع کرے، جسٹس طارق ندیم نے محفوظ فیصلہ سنایا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی کے مقدمات کی تفصیلات کیلئے دائر درخواست پر محفوظ فیصلہ سنا دیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)



لاہور: وزیر قانون پنجاب ملک صہیب احمد بھرتھ انسداد دہشت گردی دی اسٹیٹ کمیٹی کے پہلے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

آئی ایم ایف نے بجلی سستی کرنے کی حکومتی تجویز مان لی

1 ارب ڈالر کی دوسری قسط کے حصول کیلئے آئی ایم ایف وفد کیساتھ معاشی ٹیم کے اہم مذاکرات حتمی مراحل میں داخل

آئی ایم ایف وفد کیساتھ انتہائی اہم مذاکرات میں وزارت توانائی حکام کیساتھ ٹیرف ری ہیسنگ پر بات چیت کی گئی

اسلام آباد (این این آئی) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے بجلی سستی کرنے کی حکومتی تجویز مان لی۔ 7 ارب ڈالر کے ایکسٹینڈڈ فنڈ فیسلیٹی قرض پروگرام کے تحت 1 ارب ڈالر سے زائد کی دوسری قسط کے حصول کیلئے آئی ایم ایف وفد کیساتھ معاشی ٹیم کے اہم مذاکرات حتمی مراحل میں داخل ہو چکے ہیں۔ آئی ایم ایف وفد کیساتھ انتہائی اہم مذاکرات میں وزارت توانائی حکام کیساتھ ٹیرف ری ہیسنگ پر بات چیت کی گئی۔ ذرائع کے مطابق بجلی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

9 مئی کیسز، ملزمان کی ضمانت منسوخی کی سماعت عید تک ملتوی

چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے مختصر سماعت کی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان میں سانحہ 9 مئی کے واقعات کے ملزمان کی ضمانت منسوخی کی اپیلوں پر سماعت عید کے بعد تک ملتوی کر دی گئی۔ چیف جسٹس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)



اسلام آباد: وفاقی محتسب اعجاز قریشی، وفاقی محتسب کے آفیشل واٹس ایپ چینل کا افتتاح کر رہے ہیں

پی ٹی آئی وکلا اور علیمہ خان کے درمیان شدید تلخ کلامی

علیمہ خان کی عمران خان سے ملاقات ختم ہوئی تو اڈیالہ کے داخلی گیٹ پر علیمہ خان کی وکلا رہنماؤں کے ساتھ تلخ کلامی ہوئی

بانی پی ٹی آئی سے صرف وہی ملاقات کرے گا جسکو کوئی ذمہ داری سونپی گئی ہو، بغیر ذمہ داری کے کوئی وکیل جیل کے اندر نہیں جائے گا: علیمہ خان

راولپنڈی (ویب ڈیسک) اڈیالہ جیل راولپنڈی کے داخلی دروازے پر پی ٹی آئی کے وکلا اور عمران خان کی بہن علیمہ خان کے درمیان شدید تلخ کلامی ہوئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق اڈیالہ جیل میں علیمہ خان سمیت دیگر بہنوں کی بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات ختم ہوئی تو اڈیالہ کے داخلہ گیٹ پر علیمہ خان کی وکلا رہنماؤں کے ساتھ تلخ کلامی ہوئی، علیمہ خان نے وکلا رہنماؤں کو چارج شیٹ کر دیا۔ علیمہ خان نے وکلا سے مکالمہ کیا کہ بانی پی ٹی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

سفارتکار کو امریکا میں داخلے سے روکنے کا معاملہ، وزارت خارجہ کی وضاحت آ گئی

پاکستانی سفارتکار نجی دورے پر امریکا گئے تھے، وزارت خارجہ تحقیقات کر رہی، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستانی سفارتکار کو امریکہ میں داخلے سے روکنے کے معاملے پر وزارت خارجہ کی وضاحت آ گئی۔ ترجمان دفتر خارجہ شفقت علی خان کا کہنا ہے کہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)



لاہور: خاتون محتسب پنجاب نبیلہ حاکم خان سیمینار سے خطاب کر رہی ہیں

ترکمانستان میں تعینات پاکستانی سفیر احسن وگن کو امریکا میں داخلے سے روک دیا گیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے ترکمانستان میں تعینات پاکستانی سفیر کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

گرینڈ اپوزیشن الائنس، تحریک انصاف نے جے یو آئی سے ٹی او آر مانگ لئے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف اور جمعیت علمائے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

محمد بن سلمان اور یوکرینی صدر زیلنسکی کی ملاقات، یوکرین بحران پر غور

سعودی ولی عہد کی یوکرینی بحران کے حل اور امن کیلئے عالمی کوششوں کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

پاکستان سمیت کئی ممالک پر ممکنہ امریکی سفری پابندیوں کی تلوار لٹکنے لگی

ٹرمپ انتظامیہ ایگزیکٹو حکم نامہ جاری کرنے کی تیاری کر رہی ہے، امریکی میڈیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی حکومت نے سفری پابندیوں کے تحت ممکنہ طور پر جن ممالک کو شامل کرنے کا عندیہ دیا ہے۔ ان ممالک میں پاکستان، افغانستان، عراق، ایران (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

یوکرینی صدر نے تلخ کلامی پر ٹرمپ سے معافی مانگ لی، امریکی صدر کے مندوب کا دعویٰ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے خصوصی مندوب (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

رمضان پیکیج کے پے آرڈرز 80 فیصد مستحقین میں تقسیم، ناجائز کٹوتیوں پر 3 ریٹیلرز گرفتار

مکوآنہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر نگہبان رمضان پیکج کے پے آرڈرز کی 80 فیصد سے زائد مستحقین میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

نادرا کے 25 سال: قومی شناختی نظام سے ڈیجیٹل انقلاب تک کا سفر

مکوآنہ (این این آئی) قومی ڈیٹا بیس اور رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) نے اپنی 25 سالہ خدمات مکمل کر لی ہیں، جس دوران (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

بانی پی ٹی آئی کا 9 مئی کے 8 مقدمات میں درخواست ضمانتوں کی جلد سماعت کیلئے لاہور ہائیکورٹ سے رجوع

لاہور (این این آئی) بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان نے 9 مئی کے 8 مقدمات میں درخواست ضمانتوں کی جلد سماعت کیلئے لاہور ہائیکورٹ سے رجوع کر لیا۔ بانی پی ٹی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے عہدے کا چارج سنبھال لیا

عوام پر بوجھ کم کرنے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے، اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ عوام پر بوجھ کم کرنے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے۔ وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا ہے، وزارت کا چارج لینے کے بعد وفاقی وزیر نے اجلاس کی صدارت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)



لاہور: وزیر ہاؤسنگ پنجاب بلال یاسین کو جاری پراجیکٹس بارے بریفنگ دی جا رہی ہے

لندن کی سرمایہ کاری کو فروغ دینے کیلئے صادق خان کینز میں سرگرم

میپم کو عالمی سرمائے تک رسائی میں سہولت فراہم کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے

لندن (این این آئی) میئر لندن صادق خان غیر ملکی سرمایہ کاری کو لندن میں راغب کرنے کیلئے کینز فرانس کے میپم سٹی ہال میں یورپ کی سب سے بڑی پراپرٹی کانفرنس میں ایک وفد کی قیادت کر رہے ہیں۔ میئر بیس اہم منصوبوں کے لیے 22 بلین پاؤنڈ کی سرمایہ کاری کے ہدف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)



لاہور: وزیر معدنیات پنجاب شیر علی گورچانی نئے اسکول کے سنگ بنیاد کے بعد خطاب کر رہے ہیں

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں منفی رجحان، 439 پوائنٹس کی کمی

بازارِ حصص کا 100 انڈیکس 439 پوائنٹس کم ہو کر 1 لاکھ 13 ہزار 916 پر آ گیا

کراچی (این این آئی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں آج کاروبار کا منفی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)

لاہور پولیس کا برق رفتار ایکشن، 10 سالہ بچہ 24 گھنٹے میں باحفاظت بازیاب

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے گجر پورہ کے علاقے سے اغواء ہونے والے 10 سالہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

بغیر آئینی اختیارات کے 50 ہزار سے زائد بچوں کو آئی ٹی تعلیم دلوائی، گورنر سندھ

اگر بغیر اختیار والے یہ سب کچھ کر سکتے ہیں تو اختیار ہوگا تو کتنا کام ہوگا، خطاب

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے کہا ہے کہ بغیر آئینی اختیارات کے انھوں نے 50 ہزار سے زائد بچوں کو آئی ٹی تعلیم دلوائی جن میں سے کئی بچے اب (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

اسپورٹس بورڈ پنجاب کے ملازمین کا تنخواہوں کی عدم ادائیگی کیخلاف احتجاج

نیشنل ہاکی اسٹیڈیم لاہور میں اپنے دفاتر کے باہر تنخواہوں اور واجبات کی عدم ادائیگی کے خلاف مظاہرہ

لاہور (این این آئی) اسپورٹس بورڈ پنجاب کے ملازمین تنخواہوں اور واجبات کی عدم ادائیگی کے خلاف سراپا احتجاج بن گئے۔ اسپورٹس بورڈ پنجاب کے ملازمین نے نیشنل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)



لاہور: وزیر لیبر پنجاب فیصل ایوب کھوکھر سوشل سکیورٹی محمد علی کے ہمراہ سوشل سکیورٹی ہسپتال مانگا منڈی کا دورہ کر رہے ہیں



اسلام آباد، وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

پنجاب کے تمام تعلیمی بورڈز کے 7086 امتحانی مراکز میں 1133983 طلبہ وطالبات نے شرکت کی

لاہور (خبرنگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز اور وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کے ویژن کے مطابق زیرو ٹالیرنس پالیسی کے تحت چیئرمین ٹاسک فورس کمیٹی برائے بورڈز مہر محمود اور سیکرٹری بارڈ ایجوکیشن ڈاکٹر فرخ نوید کی خصوصی ہدایات پر پنجاب کے تمام تعلیمی بورڈز میں بلیک میلنگ مافیا کے خلاف متحرک تمام تعلیمی بورڈز کے 7086 امتحانی مراکز میں آج 1133983 طلبہ وطالبات نے شرکت کی جس میں 61789 خواتی عملے نے ڈیوٹی انجام دی اور 13 ایم ایس، 2 ایس پرنٹنڈنٹ اور 2 ایف آئی آر کروائی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق ڈی جی خان بورڈ میں 01 ایف آئی آر رجسٹرڈ ہوئی۔ فیصل آباد بورڈ میں 01 ایم ایس بنائی گئی۔ گوجرانوالہ میں 01 ایم ایس بنائی گئی۔ لاہور میں 04 ایم ایس، ایک ایس پرنٹنڈنٹ اور 01 ایف آئی آر کروائی گئی۔ ملتان بورڈ میں 03 ایم ایس، راولپنڈی بورڈ میں بھی 03 ایم ایس بنائی گئیں اور سرگودھا بورڈ میں ایک ایم ایس بنائی گئی۔ اب تک پورے پنجاب کے تمام تعلیمی بورڈز میں مشترکہ طور پر 52 ایم ایس، 05 ایس پرنٹنڈنٹ اور 05 ایف آئی آر کروائی جا چکی ہیں۔ پنجاب بھر کے تمام تعلیمی بورڈ کے امتحانات کو شفاف بنانے کے لیے متحرک ہیں۔

ڈوریل ویمن پولیس اسٹیشن کی کارروائی، لڑکی سے زیادتی کرنے والا مرکزی ملزم گرفتار

لاہور (خبرنگار) ڈوریل ویمن پولیس اسٹیشن نے فوری کارروائی کرتے ہوئے مرکزی ملزم کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق فیصل آباد سے خاتون نے 15 ایمرجنسی ہیلپ لائن پر کال کر کے اپنی بیٹی کی گمشدگی کی اطلاع دی۔ سیف سٹی و پٹرول پولیس ویمن سیف سٹیشن نے پولیس کو بروقت موقع پر روانہ کیا۔ تلاش کے دوران انکشاف ہوا کہ لڑکی کو ایک گھر میں قید رکھا گیا تھا۔ تحقیقات سے پتہ چلا کہ ملزم نے لڑکی کو ورغلا رتی اپنے گھر میں قید کرکے اسے زیادتی کا نشانہ بنایا۔ پولیس نے موقع سے شواہد اکٹھے کیے اور ملزم کے خلاف کارروائی کا آغاز کر دیا۔ پولیس نے تفتیش کے بعد ملزم کو گرفتار کرلیا اور عدالتی کارروائی جاری ہے۔ ترجمان سیف سٹیز کا کہنا تھا کہ خواتین کی حفاظت کے لیے ہر وقت کوشاں ہے۔

جنرل ہسپتال ایمرجنسی وآؤٹ ڈورز میں دستیاب ادویات کی فہرستیں آویزاں، پروفیسر الفرید ظفر

پنجاب حکومت کی ہدایتوں کے مطابق ہر مریض کو مفت ادویات فراہم کی جارہی ہیں، پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج

لاہور (خبرنگار) پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق ہر مریض کو مفت ادویات فراہم کی جارہی ہیں تاکہ ہسپتال آنے والے لوگوں کو اس بارے مکمل آگاہی رہے اور مریض مفت ادویات کی سہولت سے بھرپور استفادہ کر سکیں۔ پروفیسر الفرید ظفر کا کہنا تھا کہ اسٹیں لگانے سے ادویات کی دستیابی بارے مریضوں کی شکایات کا ازالہ بھی ممکن ہو سکے گا۔

ڈپٹی کمشنر ساہیوال کا مرکز صحت 132 نائن ایل کا اچانک دورہ

ڈپٹی کمشنر نے مریضوں سے بھی ملاقات کی اور ان سے میڈیکل سہولیات کے بارے میں دریافت کیا

ساہیوال (میرے ڈی نیم پرے) ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود نے رورل ہیلتھ سنٹر 185 نائن ایل اور بنیادی مرکز صحت 132 نائن ایل کا اچانک دورہ کیا اور ہیلتھ فراہم کی جانے والی طبی سہولتوں کا بغور جائزہ لیا۔ دورے کے دوران انہوں نے ہسپتال میں مریضوں کو دی جانے والی سہولیات، صفائی ستھرائی اور طبی عملے کی حاضری کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے مریضوں سے بھی ملاقات کی اور ان سے میڈیکل سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔ انہوں نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ مریضوں کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور ادویات کی دستیابی میں کسی قسم کی کوتاہی نہ ہو۔ انہوں نے مزید کہا کہ صحت عامہ کی سہولیات کو بہتر بنانے کے لیے بھرپور اقدامات کیے جا رہے ہیں اور اس حوالے سے کسی بھی غفلت یا لاپرواہی کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ دریں اثنا ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود نے چوک پاکپتن اور طارق بن زیاد کالونی میں جاری ٹیبا ٹائگر کی تعمیب کے کام کا بھی اچانک معائنہ کیا اور ترقیاتی کاموں کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ افسران کو متعلقہ ہدایات جاری کیں۔ ڈپٹی کمشنر نے مریضوں سے بھی ملاقات کی اور ان سے میڈیکل سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔ انہوں نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ مریضوں کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور ادویات کی دستیابی میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ کا شرقپور میں زیر تعمیر ماڈل بازاروں کا دورہ



شرقپور شریف (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ شاہد عمران ہاشمی نے ہمراہ شرقپور میں زیر تعمیر ماڈل بازاروں کا دورہ۔ اس علاقہ کی جانب سے عبدالستار ایدھی پارک کی جگہ ماڈل بازار کے قیام پر شدید احتجاج اور نعرے بازی، اہل علاقہ نے عبدالستار ایدھی پارک کی دوبارہ بحالی کا مطالبہ کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ شاہد عمران مارچ نے اپنی ٹیم کے ہمراہ شرقپور میں زیر تعمیر ماڈل بازاروں کا دورہ کیا اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر شرقپور میڈم ام کرم اور دیگر انتظامیہ بھی موجود تھی جب ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ عمران ماڈل بازار تعمیر کی جگہ پہنچے جس کو سمار کر کے ماڈل بازار تعمیر کیا جا رہا ہے وہاں پر موجود ساجد حسین بھٹی کونسلر میونسپل کمیٹی شرقپور اور بچوں نے عبدالستار ایدھی پارک کی مسماری اور قیمتی درختوں کے کاٹے جانے پر شدید احتجاج کرتے ہوئے نعرے بازی کی اور پارک کی دوبارہ بحالی کا مطالبہ کیا۔ بعدازاں ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ شاہد عمران ہاشمی نے علاقہ کے پرانی سبزی منڈی میں زیر تعمیر ماڈل بازار کا بھی دورہ کیا۔

کمشنر لاہور ڈویژن نے رمضان بازاروں میں سبزیوں، پھلوں، چکن، چینی و دیگر اسٹالز پر اشیاء کی کوالٹی اور نرخناے کو چیک کیا

کمشنر لاہور ڈویژن نے رمضان بازاروں، امتحانی مراکز اور پے آرڈرز تقسیم عمل کا جائزہ لیا

لاہور (خبرنگار) لاہور ڈویژن کے تمام ڈپٹی کمشنرز نے رمضان بازاروں، امتحانی مراکز اور پے آرڈرز تقسیم عمل کا جائزہ لیا۔ کمشنر لاہور ڈویژن نے رمضان بازاروں کا دورہ کیا اور اشیائے خورونوش کی قیمتوں کا جائزہ لیا۔ کمشنر لاہور ڈویژن نے رمضان بازاروں میں سبزیوں، پھلوں، چکن، چینی و دیگر اسٹالز پر اشیاء کی کوالٹی، نرخناے اور مختلف اسٹالز پر ذائقہ چیک کیا۔ انہوں نے بازار میں موجود خریداروں اور میڈیا نمائندوں سے بھی بات چیت کی اور اطمینان کا اظہار کیا۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ رمضان بازاروں کے حوالے سے ڈپٹی کمشنرز کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ رمضان بازاروں میں ہر اسٹال پر نرخناے کی فہرست آویزاں کی جائے اور ہر خریدار کو رسید دی جائے۔ کمشنر لاہور ڈویژن نے رمضان بازاروں میں بہتر انتظامات کیلئے کہا کہ رمضان بازاروں میں شہری بڑی تعداد میں آرام کے ساتھ خرید و فروخت کر سکیں۔ کمشنر لاہور ڈویژن نے کہا کہ رمضان بازاروں میں بہتر انتظامات کیلئے کہا کہ رمضان بازاروں میں شہری بڑی تعداد میں آرام کے ساتھ خرید و فروخت کر سکیں۔ کمشنر لاہور ڈویژن نے کہا کہ رمضان بازاروں میں بہتر انتظامات کیلئے کہا کہ رمضان بازاروں میں شہری بڑی تعداد میں آرام کے ساتھ خرید و فروخت کر سکیں۔

ڈیلیو ڈبلیو ایف، پاکستان اور والڈ سٹی آف لاہور اتھارٹی کا پانی کے تحفظ اور لاہور کے ورثے کی حفاظت کے لیے اشتراک

اشتراک سے پانی کے تحفظ، اور ماحول دوست طرز عمل کے متعلق کمیونٹی آگاہی پروگرام شامل ہوں گے



لاہور (تخلیق صدیقی سے) ڈبلیو ڈبلیو ایف پاکستان اور والڈ سٹی آف لاہور اتھارٹی (ڈبلیو ایس۔ ایل۔ اے) کے درمیان بارش کے پانی کو مؤثر انتظام کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے۔ اس اقدام کا مقصد تاریخی ورثے اور شہری آبادی کو پانی کے بڑھتے ہوئے سیلاب سے لاحق خطرات سے محفوظ رکھنا اور ماحولیاتی تبدیلیوں کو کم کرنا ہے۔ اس مفاہمتی یادداشت پر ڈبلیو ایف پاکستان کے ڈائریکٹر جنرل، کامران لاشاری نے اور والڈ سٹی آف لاہور اتھارٹی کی منیجنگ ڈائریکٹر رومیسہ عزیز نے دستخط کیے۔ اس معاہدے کے تحت، دونوں ادارے لاہور کو پانی کے بحران، اور سیلاب کی روک تھام کے اقدامات متعارف کرانے میں مدد کریں گے۔ اس کے علاوہ، یہ تعاون شہر کے تاریخی ورثے کے تحفظ کو بھی یقینی بنائے گا۔ اس معاہدے کے تحت، دونوں ادارے لاہور کی پانی کے نظام، زیر زمین پانی کے ذخائر کو بحال کرنے اور سیلاب کی روک تھام کے اقدامات متعارف کرانے میں مدد کریں گے۔ اس کے علاوہ، یہ تعاون شہر کے تاریخی ورثے کے تحفظ کو بھی یقینی بنائے گا۔ تفصیلات کے مطابق ڈبلیو ایف پاکستان کے ساتھ اس شراکت داری کے ذریعے، ہم پائیدار پانی کے انتظام کی طرف ایک اہم قدم پر حدرا ہے ہیں۔ ہم آج سے آنے والی نسلوں کو ایک مضبوط اور محفوظ ثقافتی ورثہ منتقل کر سکیں۔ ڈبلیو ایف۔ پاکستان اور والڈ سٹی آف لاہور اتھارٹی کے نمائندوں نے اس بات پر زور دیا کہ قدرتی طریقوں پر مبنی حل اپنانے سے شہری متعدیاتی اور کمیونٹی کو زیادہ سے زیادہ فوائد حاصل ہوں گے۔ مزید برآں، اس اشتراک میں پانی کے تحفظ، اور ماحول دوست طرز عمل کے متعلق کمیونٹی آگاہی پروگرام شامل ہوں گے۔ (پانی، صفائی اور حفظان صحت) WASH ساتھ ہی ماحولیاتی تبدیلیوں سے بچاؤ کے لیے شہری آبادی کو پانی کے قابل بہاؤ سے لاحق خطرات سے محفوظ رکھنا اور ماحولیاتی تبدیلیوں کو کم کرنا ہے۔ اس مفاہمتی یادداشت پر دستخط کے موقع پر ڈبلیو ایف۔ پاکستان کے ڈائریکٹر جنرل، کامران لاشاری نے کہا والڈ سٹی آف لاہور کی طرح کا معاہدہ پہلی بار ہوا ہے۔ اس معاہدے کے ذریعے لاہور کے تاریخی ورثے کا تحفظ، پانی کے ذخائر کو بحال کرنے اور سیلاب کی روک تھام کے اقدامات متعارف کرائے جائیں گے۔ ہم ماحولیاتی تبدیلیوں کے اثرات کو کم کرنے کے لیے مقامی کمیونٹیز کے ساتھ مل کر کام کریں گے۔ ہم ایک ایسے زندہ شہر کا تصور کرتے ہیں جہاں ہماری تاریخ اور ثقافت کا تحفظ کیا جائے اور ہمارے شہری ایک صحت مند ماحول میں سانس لے سکیں۔ ڈبلیو ایف۔ پاکستان کے ڈائریکٹر جنرل، کامران لاشاری نے کہا کہ والڈ سٹی آف لاہور کی طرح کا معاہدہ پہلی بار ہوا ہے۔ اس معاہدے کے ذریعے لاہور کے تاریخی ورثے کا تحفظ، پانی کے ذخائر کو بحال کرنے اور سیلاب کی روک تھام کے اقدامات متعارف کرائے جائیں گے۔ ہم ماحولیاتی تبدیلیوں کے اثرات کو کم کرنے کے لیے مقامی کمیونٹیز کے ساتھ مل کر کام کریں گے۔ ہم ایک ایسے زندہ شہر کا تصور کرتے ہیں جہاں ہماری تاریخ اور ثقافت کا تحفظ کیا جائے اور ہمارے شہری ایک صحت مند ماحول میں سانس لے سکیں۔

یوم شہادت حضرت علی کے سیکیورٹی پلان کی تیاری، ڈی آئی جی آپریشنز کی امن کمیٹی سے مشاورت

امن و امان کے قیام میں علماء کرام کا کردار قابل ستائش ہے، یوم شہادت حضرت علی کے جلوسوں کی سیکیورٹی پر تفصیلی گفتگو

ہر مذہب اور ہر مسلک کو مکمل سیکیورٹی فراہم کرنا لاہور پولیس کی اولین ترجیح ہے، ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران



ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران امن کمیٹی ممبران سے خطاب کر رہے ہیں

لاہور (خبرنگار، کرائم رپورٹر) یوم شہادت حضرت علی کے موقع پر سیکیورٹی انتظامات کو حتمی شکل دینے کے لیے ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کی زیر صدارت پولیس لائنز قلعہ گجر سنگھ میں امن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں تمام مسالک کے جید علماء کرام نے شرکت کی اور جلوس و جلوسوں کے سیکیورٹی پلان پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ اجلاس میں رمضان المبارک میں مساجد کی سیکیورٹی پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ جس پر امن کمیٹی ممبران نے سیکیورٹی انتظامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے لاہور پولیس کا شکریہ ادا کیا۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے کہا کہ مذہب اور ہر مسلک کو مکمل سیکیورٹی فراہم کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ علماء کرام قیام امن اور ہم آہنگی کے فروغ میں ان کی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ اجلاس کے اختتام پر ڈی آئی جی آپریشنز اور افسران نے امن کمیٹی کے ممبران کے ساتھ اظہار یکجہتی کیا۔ اجلاس میں مولانا راغب نعیمی، مولانا محمد علی نقشبندی، مفتی عمران سجاد، حافظ حفیظ، حافظ عثمان، آغا شاہ حسین قزلباش، سید علی مہدی، فرحم تقوی، نوید ہاشم شاہ، مولانا اسد اللہ فاروقی، مولانا عزیز الرحمن ثانی، مفتی سید شاہ حسین، مولانا اشرف گجر، عبدالوحید روپڑی، قاسم علی قاسمی، ساجد بابر، فاروق رحیمی سمیت دیگر علماء کرام نے شرکت کی۔

لاہور پولیس کی کامیاب کارروائیاں، چوری، نوسر بازی، پتنگ بازی اور منشیات فروشی میں ملوث ملزمان گرفتار

ڈیفنس، ڈی سی، مصری شاہ، فیصل ٹاؤن اور شادمان پولیس کی کارروائیاں، درجنوں فتنیس، موٹر سائیکل، نقدی اور غیر قانونی اسلحہ برآمد

لاہور (خبرنگار، کرائم رپورٹر) شہر بھر میں جرائم کے خاتمے کے لیے لاہور پولیس کی مختلف تھانوں میں بھرپور کارروائیاں جاری ہیں۔ پولیس نے موٹر سائیکل چوری، ڈوم بازی، پتنگ بازی، ٹکٹ کی بازی اور منشیات فروشی میں ملوث ملزمان کو گرفتار کرلیا، جبکہ ان کے قبضے سے نقدی، اسلحہ، چوری شدہ موٹر سائیکل اور دیگر مسروقہ اشیاء برآمد کرلی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی پولیس نے پتنگ فروشوں کے خلاف بڑی کارروائی کرتے ہوئے 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا، جن کے قبضے سے 32 ہزار روپے کی نقدی برآمد کرلی گئی۔ ملزمان کی شناخت محمد ارسلان اور محمد عثمان کے نام سے ہوئی ہے۔ ملزمان شہباز منصور اور شرف الدین پتنگ و ڈور بیچ رہے تھے۔ تھانہ ڈیفنس اے کے تحت ناکہ بندی کے دوران ایک شخص کو گرفتار کرکے 13 ہزار سعودی ریال، 11 لاکھ پاکستانی روپے اور دیگر اشیاء برآمد کی گئیں۔ ملزم کی شناخت محمد ارسلان کے نام سے ہوئی ہے۔ ملزم نے اعتراف کیا کہ وہ یہ رقم چوری کی گاڑی میں سے برآمد کی ہے۔ تھانہ ڈی سی کے تحت ناکہ بندی کے دوران ایک شخص کو گرفتار کرکے 2 پستول، 2 زندہ گولیاں برآمد کرلی گئیں۔ ملزم کی شناخت عامر کے نام سے ہوئی ہے۔ تھانہ مصری شاہ پولیس نے ایک اور کارروائی میں 2 خواتین سمیت 3 ملزمان کو گرفتار کرکے 1 کلو 200 گرام چرس برآمد کرلی۔ ملزمان کی شناخت ثمینہ بی بی، عائشہ اور ثمینہ کے نام سے ہوئی ہے۔ تھانہ فیصل ٹاؤن پولیس نے ایک اور کارروائی میں 2 ملزمان کو گرفتار کرکے 1 کلو 200 گرام چرس برآمد کرلی۔ ملزمان کی شناخت محمد ارسلان اور محمد عثمان کے نام سے ہوئی ہے۔ تھانہ شادمان

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 12 مارچ 2025ء

کمشنر گوجرانوالہ کا امتحانی مراکز کا اچانک دورہ، انتظامات کا جائزہ لیا

معائنہ کے دوران تمام سپروائزری سٹاف کو ہدایات ث کیں کہ وہ امتحانی ڈیوٹی مکمل ایمانداری، جانفشانی اور محنت سے سرانجام دیں



گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن/ چیئرمین تعلیمی بورڈ گوجرانوالہ نے امتحان سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (فرسٹ اینول) 2025ء کے امتحانی مراکز گورنمنٹ گریجوایٹ کالج (بوائز)، سیٹلائٹ ٹاؤن اور گورنمنٹ گریجوایٹ کالج (خواتین)، سیٹلائٹ ٹاؤن، گوجرانوالہ کا اچانک دورہ کیا۔ انہوں نے معائنہ کے دوران تمام سپروائزری سٹاف کو ہدایات ث کیں کہ وہ امتحانی ڈیوٹی مکمل ایمانداری، جانفشانی اور محنت سے سرانجام دیں۔

انہوں نے مذکورہ امتحانی مراکز کے ریذیڈنٹ انسپکٹرز کو ہدایت کی کہ وہ دونوں گروپس کے امتحانات کے آغاز سے اختتام تک سنٹروں میں موجود رہیں اور وزیر اعلیٰ پنجاب کے اقدام "ستھرا پنجاب" مہم کے تحت اپنے سکولز/ کالجز کے احاطہ میں صفائی اور ستھرائی کو یقینی بنائیں۔ سیکرٹری بورڈ نے خود گورنمنٹ جامع سکول، ماڈل ٹاؤن، گوجرانوالہ اور گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول، جی ٹی روڈ، گوجرانوالہ امتحانی مراکز چیک کئے۔ انہوں نے بتایا کہ کنٹرولر امتحانات پروفیسر محمد نعیم بٹ نے قلعہ کالروالا اور نارووال کے امتحانی مراکز کا معائنہ کیا ہے جو کہ بطابق امتحان پرامن طریقے سے منعقد ہو رہا تھا۔ سیکرٹری بورڈ نے مزید بتایا کہ کل مورخہ 11 مارچ 2025ء بروز منگل پہلے گروپ میں ترجمۃ القرآن المجید (لازمی) میں کل 108580 طلباء و طالبات 719 امتحانی مراکز اور دوسرے گروپ میں 101457 طلباء و طالبات کل 668 امتحانی مراکز پر شامل امتحان ہوں گے۔ جبکہ دوسرے گروپ میں مضمون اخلاقیات (برائے غیر مسلم) میں کل 3216 طلباء و طالبات کل 484 امتحانی مراکز پر شامل امتحان ہوں گے۔

یوم ام المومنین حضرت سیدہ خدیجۃ الکبری یہاں ضلع بھر میں نہایت ہی عقیدت واحترام سے منایا گیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) یوم ام المومنین حضرت سیدہ خدیجۃ الکبری یہاں ضلع بھر میں نہایت ہی عقیدت واحترام سے منایا گیا۔ اس سلسلہ میں مختلف مساجد میں محافل منعقد ہوئیں جہاں علماء خطباء نے آپ کی خدمات کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر جماعت رضائے مصطفےٰ ﷺ پاکستان کے مرکزی امیر صاحبزادہ پیر محمد داؤد رضوی نے کہا کہ خواتین میں یہ اعزاز حضرت سیدہ خدیجۃ الکبریٰ کو حاصل ہے کہ انہوں نے سب سے پہلے اسلام قبول کیا اور پھر حضور نبی کریم ﷺ کے ساتھ دیگر ازدواج مطہرات کی نسبت سب سے زیادہ عرصہ گزارنے کا شرف بھی آپ کو حاصل ہے۔

سیدہ خدیجۃ الکبری کی حیات طیبہ مسلم خواتین کیلئے رول ماڈل ہے

آپ خلوص ووفا اور صبر ورضا کا پیکر، بن کر تاجدار ختم کی رفاقت کا فریضہ انجام دیتی رہیں: سرفراز احمد

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال) سنی اتحاد کونسل کے ڈویژنل صدر الحاج سرفراز احمد تارڑ نے کہا ہے کہ خواتین میں سب سے پہلے اسلام قبول کرنیوالی شخصیت حضرت سیدہ خدیجۃ الکبری کی حیات طیبہ مسلم خواتین کیلئے رول ماڈل ہے، آپ خلوص ووفا اور صبر ورضا کا پیکر، بن کر تاجدار ختم نبی کی رفاقت کا فریضہ انجام دیتی رہیں۔ آپ کے ملت اسلامیہ پر احسانات کبھی فراموش نہیں کئے جاسکتے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ام المومنین حضرت سیدہ خدیجۃ الکبری کے یوم وصال پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر الحاج مولانا محمد اکبر نقشبندی، پیر سید فدا حسین شاہ حافظ آبادی، صاحبزادہ محمد نعمان صدیقی، قاری رفیع الرحمان قادری، حافظ عدیل عارف، علامہ محمد عمر صدیقی، چوہدری عمر سلیم گجر، مولانا ضیاء المرتضیٰ چشتی اور دیگر نے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ اسلام نے عورت کو حقوق عطا کر کے معاشرے میں اس کو عزت وتکریم سے سرفراز کیا، اسلامی تاریخ حقوق نسواں کے حوالے سے درخشندہ روایات کی امین رہی ہے، اسلام کی حقیقی روح پر عمل سے معاشرے میں تبدیلی آسکتی ہے۔

تجاوزات کو مسمار کئے جانے کے بعد ملبے کے ڈھیر نہ اٹھائے جاسکے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد کے سنگم میں واقع راجہ چوک میں تجاوزات کو مسمار کئے جانے کے بعد ملبے کے ڈھیر نہ اٹھائے جانے سے ہسپتال روڈ پر ٹریفک بلاک ہونے لگی اور ناخوشگوار واقعات بھی رونما ہونے لگے۔ راجہ چوک قریب ملبہ کافی دن سے پڑا ہے جس کی وجہ سے ڈی ایچ کیو ہسپتال میں جانے والے مریضوں کے علاوہ ایمبولینس گاڑیوں کو بھی مشکلات پیش آرہی ہیں لیکن مذکورہ ملبہ کو راستہ سے ہٹانے کے لئے ابھی تک کوئی کاروائی عمل میں نہیں لائی جارہی ہے۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ راجہ چوک کے قریب پڑے ملبہ کو فوری وہاں سے ہٹا کر روڈ کو کلیئر کروایا جائے۔

الائیڈ ہسپتال 2 کے ایکسرے ڈیپارٹمنٹ میں بدنظمی، مریض خوار ہونے لگے

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) فیصل آباد کے الائیڈ ہسپتال 2 میں ایکسرے ڈیپارٹمنٹ کی ناقص کارکردگی اور عملے کی بدتمیزی مریضوں کے لیے اذیت بن گئی۔ آئے روز ایکسرے مشین کی خرابی اور غیر ذمہ دارانہ رویے نے اسپتال آنے والے مریضوں کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ متاثرہ مریضوں اور ان کے لواحقین کا کہنا ہے کہ ایکسرے ڈیپارٹمنٹ کا عملہ انتہائی غیر اخلاقی رویہ اختیار کرتا ہے، جبکہ تنویر نامی شخص کی بدتمیزی حد سے تجاوز کر چکی ہے۔ مریضوں کے ساتھ سخت رویہ اپنایا جاتا ہے اور انہیں گھنٹوں انتظار کی زحمت دی جاتی ہے، جبکہ ایکسرے مشین کی بار بار خرابی ان کی تکالیف کو مزید بڑھا رہی ہے۔

سیالکوٹ ویسٹ مینجمنٹ کی نااہلی، سیالکوٹ کچرہ کنڈی کے مناظر عام

سالڈ ویسٹ مینجمنٹ عملہ صفائی کی غفلت سے کوڑا کرکٹ کو آگ لگائی جارہی ہے



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سیالکوٹ کے علاقہ جناح اسٹیڈیم کے نزدیک واقع گجراں والہ گلہ میں متعلقہ ساجد ویسٹ مینجمنٹ سپروائزری کی مبینہ غفلت سے محلہ کچرا کنڈی بن گیا۔ کوڑا کرکٹ تعفن کا باعث اور کچرا نہ اٹھانے کیوجہ سے مچھر و بدبو کے بھرمار سے اہل محلہ و دوکاندار پریشانی میں مبتلا۔ کچرے کو تلف کرنے کیلئے کسی نے کوڑے کے ڈھیروں میں آگ لگا دی۔ شہر کے پوش ایریا میں واقع یہ گندگی کے ڈھیر کروڑوں روپے خرچ ہونے کے باوجود مینجمنٹ کمپنی کی مدمیں لینے والی سیالکوٹ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہیں۔ شہریوں کا ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ و چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن سیالکوٹ سے ایکشن کا مطالبہ۔

روزہ خالی بھوک کا نام نہیں ایک احساس ہے: پیر سید ریاض حسین

یعنی روزے کا مقصد اپنے ہاتھ سے کسی پر ظلم نہ کرنا، زبان سے کسی کو تکلیف نہ پہنچانا ہے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم معروف عالم دین پیر سید ریاض حسین شاہ خطیب اعظم مدنی جامعہ مسجد نبی ہادی کھرالہ نے کہا ہے کہ روزہ خالی بھوک کا نام نہیں ایک احساس ہے، جس میں ہمیں پیٹ کے ساتھ زبان، آنکھ کان غرضیکہ ہر عضو کا روزہ رکھنا ہوتا ہے یعنی روزے کا مقصد اپنے ہاتھ سے کسی پر ظلم نہ کرنا، زبان سے کسی کو تکلیف نہ پہنچانا، آنکھ سے کسی کو بری یا میلی نظر سے نہ دیکھنا اور کان سے کسی کی بری بات کو نہ سننا ہے، یعنی روزے کی حالت میں ہم کوئی بھی برا کام نہیں کر سکتے، پیر سید ریاض حسین شاہ نے کہا کہ افسوس ہم روزے کی حالت میں ہوتے ہوئے بھی تمام وہ کام کرتے ہیں جس سے روزہ ہمیں منع کرتا ہے، ذخیرہ اندوزی ہم کرتے ہیں، اشیاء میں ملاوٹ کرنے کا کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیتے، انہوں نے مزید کہا کہ رمضان المبارک رحمت، مغفرت اور بخشش کا مہینہ ہے، جس میں عبادات کا ثواب کئی گنا بڑھا دیا جاتا ہے، یہ مقدس مہینہ نیکیوں میں سبقت لے جانے اللہ پاک کے قریب ہونے کا سنہری موقع فراہم کرتا ہے۔ یہ مہینہ ہمیں دوسروں کی بھوک اور ضرورتوں کا احساس دلانے کے ساتھ ساتھ دل کو نرم اور اعمال کو بہتر بنانے کی بھی تربیت دیتا ہے۔ ہمیں چاہیے کہ اس بابرکت مہینے میں زیادہ سے زیادہ عبادات کریں، نیکیوں میں اضافہ کریں اور اپنی زندگی کو تقوی اور پرہیزگاری کے اصولوں پر استوار کریں۔

ڈپٹی کمشنر کی ہدایت پر شہر کے مختلف چوکوں، گرین بیلٹس اور اہم عوامی مقامات کی تزئین و آرائش

جناح چوک، گوجرانوالہ بائی پاس، قلعہ صاحب سنگھ چوک، گوجرانوالہ روڈ سمیت دیگر اہم چوکوں اور گرین بیلٹس میں نئے خوبصورت پودے لگائے گئے ہیں



حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کی ہدایت پر ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت شہر کے مختلف چوکوں، گرین بیلٹس اور اہم عوامی مقامات کی تزئین و آرائش، شجرکاری اور نئی لائٹس لگانے کا کام زور وشور سے جاری ہے۔ جناح چوک، گوجرانوالہ بائی پاس، قلعہ صاحب سنگھ چوک، گوجرانوالہ روڈ سمیت دیگر اہم چوکوں اور گرین بیلٹس میں نئے خوبصورت پودے لگائے گئے ہیں جبکہ گوجرانوالہ روڈ اندرون شہر اور جلالپور روڈ پر رنگ بھرنگی لائٹنگ کا بھی اہتمام کیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ کے ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت جہاں صفائی ستھرائی اور تجاوزات کے خاتمے کا عمل جاری ہے تو وہی شہر کی خوبصورتی کے لیے بھی اقدامات کیے جارہے ہیں۔ شہر کے تمام داخلی و خارجی راستوں، چوک چوراہوں کی تزئین و آرائش اور وہاں نئے پودے لگائے گئے ہیں جس سے شہر کی خوبصورتی میں اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ اپنے گلی، محلوں اور علاقوں میں موسم بہار کی مناسبت سے شجر کاری کریں اور انتظامیہ کی جانب سے شہر بھر میں خوبصورتی کے لیے جو کام کیے جارہے ہیں اس کی دیکھ بھال میں بھی اپنی ذمہ داری ادا کریں۔

ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو کا سستے رمضان سہولت بازار شاہکوٹ اور سانگلہ ہل کا دورہ

اسسٹنٹ کمشنر سانگلہ ہل ظہیر الدین بابر سمیت دیگر افسران بھی ڈی سی کے ہمراہ تھے



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے عوام الناس کو ریلیف کی فراہمی کا جائزہ لینے کے لیے ستے رمضان سہولت بازار شاہکوٹ اور سانگلہ ہل کا دورہ کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر سانگلہ ہل ظہیر الدین بابر سمیت دیگر افسران بھی ڈی سی کے ہمراہ تھے۔ ڈی سی نے رمضان بازاروں میں اشیاء کے معیار، اشیاء ضروریہ کے اسٹاک، عملے کی حاضری سمیت دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ دوران وزٹ ڈپٹی کمشنر نے رمضان بازاروں میں موجود خریداروں سے اشیاء کی کوالٹی و قیمتوں بارے بھی دریافت کیا، شہریوں نے رمضان بازاروں کے قیام اور کم قیمتوں پر اشیاء کی فراہمی یقینی بنانے پر حکومت پنجاب اور ضلعی انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ضلع کی تینوں تحصیلوں میں قائم رمضان بازاروں میں تمام اشیائی 15 سے 40 فیصد رعایتی نرخوں پر دستیاب ہیں۔ انہوں نے کہا کہ رمضان بازاروں میں گوشت، فروٹ، سبزیاں، دالیں، مشروبات سمیت دیگر اشیاء بھی ستے داموں فروخت کی جارہی ہیں، رمضان بازاروں میں چینی 130 روپے فی کلو گرام اور چاول 30 سے 50 روپے فی کلو گرام ستے داموں فروخت کیا جارہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ رمضان بازاروں میں معیاری اشیاء کی دستیابی کو یقینی بنایا جارہا ہے، روزانہ کی بنیاد پر ہزاروں افراد رمضان بازاروں سے ستے داموں خریداری کررہے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ماہ صیام میں عوام الناس کو ایک ہی چھت تلے سستی اور معیاری اشیاء کی فراہمی اولین ترجیح ہے جس کے لیے ضلعی انتظامیہ بھرپور کوشش کررہی ہے۔

دیہی اور بنیادی مراکز صحت کی نجکاری کے خلاف آر ایچ سی نارنگ میں احتجاج

نجکاری کسی صورت بھی قبول نہیں حکومت نجکاری کی بجائے سہولیات فراہم کرے: ڈاکٹر طارق سیف



نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) پنجاب حکومت کی جانب سے سرکاری ہسپتالوں کی نجکاری کے خلاف دیہی مرکز صحت نارنگ منڈی میں احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ ڈاکٹرز نرسز پیرا میڈیکل سٹاف سمیت ملازمین کی شرکت ہسپتالوں کی نجکاری کے خلاف شدید نعرہ بازی ہسپتالوں کی نجکاری عوام دوست نہیں عوام دشمن اقدام ہے فیصلہ فوری واپس لیا جائے شرکاء کی گفتگو تفصیل کے مطابق دیہی مرکز صحت نارنگ میں دیہی مراکز صحت اور بنیادی مراکز صحت کی نجکاری کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا گیا مظاہرے میں ڈاکٹرز نرسز پیرا میڈیکل سٹاف سمیت دیگر درجنوں ملازمین نے معاشی قتل بند کرو آوٹ سورس بند کرو اور غنڈہ گردی بند کرو کے نعرے لگائے احتجاجی مظاہرہ کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے میڈیکل آفیسر ڈاکٹر طارق سیف اور محمد عارف جواہر ناصر حمزہ اسحاق کا کہنا تھا کہ حکومت ہسپتالوں کو پرائیویٹ کرنے کی بجائے وسائل میں اضافہ کرے صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومتوں کا کام ہے حکومت عوام کی بہتری کے لئے وسائل فراہم کرئے تاکہ ہسپتالوں کو بہترین طریقے سے چلایا جاسکے دیہی مراکز صحت بنیادی مراکز صحت کو آوٹ سورس کرنا دانشمندانہ اقدام نہیں اگر حکومت باز نہ آئی تو کام چھوڑ کر پورے پنجاب میں تحریک کا اعلان کردیں گے ملازمین کا معاشی قتل بند کیا جائے آوٹ سورس کرنے سے ہزاروں ملازمین کے چولہے ٹھنڈے پڑ جائیں گے ہم پنجاب حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ اپنے فیصلے پر نظر ثانی کرے۔

کینٹ سیالکوٹ میں گرانفروشوں کی دوکانیں سیل کردیں: سید ایوب بخاری

گرانفروشی کسی صورت برداشت نہیں کی جائیگی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سیالکوٹ



گرانفروشی کیخلاف جاری آپریشن کو لیڈ کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سیالکوٹ سید ایوب بخاری نے کینٹ سیالکوٹ کے بڑے چکن سٹور سمیت مختلف چکن سیل پوائنٹس پر سرکاری ریٹس سے زائد وصولی پر سٹورز سیل کرکے مالکان کو جرمانے کردیئے۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ایوب بخاری کے ہمراہ ڈسٹرکٹ سول ڈیفنس آفیسر عبداللہ شاکر و عملہ کاروائی میں شامل تھا۔ فرض شناس اے ڈی سی جی سیالکوٹ کا کہنا تھا کہ مہنگا چکن فروخت کرنے والے دکانداروں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ کینٹ سمیت شہر کی 14 چکن شاپس سیل کردی۔ کینٹ میں مقررہ نرخوں سے زائد دام وصول کرنے کی پاداش میں فروٹ شاپ کو 20 ہزار روپے اور ملک شاپس کو 10 ہزار روپے جرمانہ عائد کردیا جبکہ ماڈرن بیف وٹن شاپ میں ڈی سی کاؤنٹر قائم کرنے کی ہدایت۔ اڈیشنل ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ نے کہا کہ چکن کی قیمتوں میں من مانی کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دے سکتے۔ انہوں نے کہا کہ مقررہ نرخ نامے کے مطابق چکن فروخت کرنے کی اجازت ہوگی۔ مارکیٹ کمیٹی کی جانب سے جاری کردہ نرخ نامہ میں پولٹری کی قیمت میں دکاندار کا منافع شامل ہے۔ چکن کی سپلائی بحال ہوچکی ہے اور مارکیٹ میں طلب و رسد کے مطابق چکن دستیاب ہے۔ چکن فروش جائز منافع کمائے بالخصوص رمضان میں گراں فروشی سے گریز کریں اور حتی الوسع اپنے منافع کی شروع کم سے کم رکھ کر ماہ صیام کی برکات سمیٹیں۔

ہیڈ ماسٹرز طلباء کو موثر جدید سہولیات سے آراستہ T.A وسائنس لیب فراہم کریں۔ مجاہد علوی

بچوں کیلئے بہترین تعلیمی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ CEO ایجوکیشن سیالکوٹ



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) چیف ایگزیکٹو آفیسر و ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی سیالکوٹ مجاہد حسین علوی نے تحصیل پسرور کے مختلف سرکاری سکولوں کے دورے کئے اس دوران نواحی قصبہ بڈیانہ کے گورنمنٹ ہائی سکول کا سرپرائزنگ وزٹ کیا۔ دورہ کے دوران اساتذہ کا حاضری رجسٹر چیک کیا اور ہیڈ ماسٹر و عملہ کے ہمراہ مختلف کلاسز میں گئے اور بچوں سے تعلیمی سہولیات کی فراہمی باعث استفسار کیا۔ اس دوران سی سی او ایجوکیشن سیالکوٹ نے ہیڈ ماسٹرز و اساتذہ کو ہدایات دیں کہ سکولوں میں موجود آئی ٹی اور سائنس لیبارٹریز کو اپ گریڈ کیا جائے اور طلباء کو جدید سہولیات سے آراستہ مکمل لیب کی فراہمی یقینی بنائی جائے اس ضمن میں پنجاب حکومت نے وزارت تعلیم کیلئے خصوصی فنڈز فراہم کئے ہیں آپ لیب اپ گریڈیشن کیلئے فزیبلٹی رپورٹ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفس سیالکوٹ کو دیں جلد فنڈز الیٹ کردیئے جائینگے۔

ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت ضلع چنیوٹ کو ستھرا بنانے پر کام جاری

ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے شہر کی مختلف یونین کونسلز کا دورہ کیا



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت ضلع چنیوٹ کو ستھرا بنانے پر کام جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے شہر کی مختلف یونین کونسلز کا دورہ کیا اور صفائی کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لئے مختلف یونین کونسلز کا دورہ کیا۔ انہوں نے ویسٹ ورکرز کی دستیابی اور صفائی کا معیار دیکھا اور موقع پر موجود افراد سے صفائی اپریشن بارے بات چیت کی۔ انہوں نے کہا کہ گلی محلوں اور شاہرات پر کوڑا کرکٹ نظر نہیں آنا چاہیے۔ ضلع کو صفائی کے لحاظ سے مثالی بنانا ہمیں میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا جائے گا بلکہ ایکسرے مشین کی بار بار خرابی ان کی تکالیف کو مزید بڑھا رہی ہے۔

چیف آفیسر ضلعا کونسل فدا افتخار میر کا سمبڑیال میں انکروچمنٹ آپریشن

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ریونیو محمد اقبال سنگھیڑہ کی زیر قیادت ضلع سیالکوٹ میں حکومت پنجاب کی ہدایات پر زبردست اینٹی انکروچمنٹ آپریشن جاری ہے۔ سیالکوٹ پسرور روڈ سکہ کے بعد سمبڑیال مین بازار و مین روڈ پر قائم بااثر ناجائز تجاوزات مافیا کی عرصہ دراز سے قائم پختہ و عارضی ہر قسم کی تجاوزات کو عملہ انکروچمنٹ و پولیس کے ہمراہ بھاری مشینری کا استعمال کرتے ہوئے مسمار کر دیا گیا۔ چیف آفیسر ضلع کونسل سیالکوٹ فدا افتخار میر کا کہنا ہے کہ اینٹی انکروچمنٹ آپریشن کسی صورت نہیں رکے گا کوئی خواہ کتنا ہی بااثر کیوں نہ ہو ریاست اپنی رٹ ہر صورت قائم کرتی ہے۔ آپریشن کی زد میں انیوالی ناجائز تجاوزات و تعمیرات گرادی گئی ہیں اگر دوبارہ تعمیرات ہوئیں تو زمہ داران کو سخت قانونی وتادیبی کاروائی کا سامنا کرنا پڑے گا۔

حافظ آباد میں کسوکی کے قریب مبینہ پولیس مقابلہ میں ڈکیتی اور چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث ملزم سلیمان ولد خالد ہلاک ہوگیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد میں کسوکی کے قریب مبینہ پولیس مقابلہ میں ڈکیتی اور چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث ملزم سلیمان ولد خالد ہلاک ہوگیا۔ پولیس کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق چک گجراں کے قریب تین مشکوک ملزمان کو پولیس نے روکنے کی کوشش کی تو انہوں نے پولیس پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں پولیس نے جوابی فائرنگ کی۔ اس دوران ملزم سلیمان زخمی ہوگیا جسے ہسپتال لیجایا گیا جہاں ڈاکٹروں نے اسکے جاں بحق ہونے کی تصدیق کردی جبکہ اسکے دو ساتھی فرار ہوگئے۔

وارداتوں میں شہری نقدی، موبائل فونز و دیگر اشیاء سے محروم ہوگئے

سٹی سول چوک کے محمد صدیق کی دوکان کے تالے توڑ کر نامعلوم ملزمان نقدی 4 لاکھ چوری کر کے لے گئے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/ نمائندہ خصوصی) 10 مختلف وارداتوں میں شہری نقدی، موبائل فونز و دیگر اشیاء سے محروم ہوگئے۔ سٹی سول چوک کے محمد صدیق کی دوکان کے تالے توڑ کر نامعلوم ملزمان نقدی 4 لاکھ چوری کر کے لے گئے گوجرانوالہ روڈ کے سعد کے کولڈ سٹوریج سے 3 نامعلوم ملزمان پک اپ پر 5 عدد آلو کی بوریاں چوری کر کے لے گئے۔ مین بازار میں گلفام کی جیب کاٹ کر نامعلوم ملزم نے 100 ریال موبائل فون چوری کر لیا رام آرائیاں خورد کا محمد زبیر سودا سلف لینے دوکان پر گیا جیب تراش نے نقدی 10 ہزار اور موبائل فون چوری کر لیا معراج ہاؤسنگ سے محمد عارف کی 8 ہزار اسٹیٹس چوری کوٹلی بھاگو کا عثمان بیگ اپنی ہمشیرہ کے ہمراہ کار پر جارہے تھے تین نامعلوم نے اسلحہ کے زور پر روک کر نقدی 83 ہزار 3 عدد موبائل فون اور اے ٹی ایم کارڈ چھین لیا موتہ کے محمد دسیع کو ملزمان ذوہیب اور چشمان نے زبردستی گھر میں گھس کر زدوکوب کیا اور شدید زخمی کر دیا محمد عمر موٹر سائیکل پر جارہا تھا کہ باب سیالکوٹ کے قریب دو نامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر نقدی 8 ہزار روپے چھین لی میتر انوالی کے آصف رضا بٹ کے ڈیرہ سے دو عدد ٹرالی کے تائر چوری اور بھاڈیوالہ کی خالدہ پروین کے سرکاری کوارٹر سے 3 چارپائیاں، اچیچی کمیس، ایک عدد گیس سلنڈر چوری پولیس نے مقدمات درج کرلئے۔

چوہدری ساجد محمود گوندل کو سپرنٹنڈنٹ پولیس کے عہدے پر پرموٹ کر دیا گیا

چوہدری ساجد محمود گوندل حال ہی میں جہلم کی تحصیل سوہاوہ میں بطور ایس ڈی پی او خدمات سرانجام دے چکے ہیں



جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم کی تحصیل پنڈ دادنخان کے علاقہ گیتی پور کے رہائشی چوہدری ساجد محمود گوندل کو سپرنٹنڈنٹ پولیس کے عہدے پر پرموٹ کر دیا گیا۔ چوہدری ساجد محمود گوندل حال ہی میں جہلم کی تحصیل سوہاوہ میں بطور ایس ڈی پی او خدمات سرانجام دے چکے ہیں، پرموٹ ہونے والے 39 افسران میں چوہدری ساجد محمود گوندل دوسرے نمبر پر ہیں چیف سیکرٹری پنجاب نے باضابطہ نوٹیفیکیشن جاری کر دیا۔ رینک لگانے کی تقریب میں حکومت پنجاب کے اعلیٰ عہدیدار اور پولیس کے اعلیٰ افسران نے اپنے ہاتھوں سے ایس پی کے عہدے پر پرموٹ کر دیا ہے اور اس حوالے سے باقاعدہ نوٹیفیکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔

رمضان المبارک آپٹیکل سنٹر میں فری آئی کیمپ کا انعقاد

اس طرح اللہ رب العزت بھی مجھے روحانی وجسمانی طور پر بے حد سکون دیتا ہے: چوہدری رمضان



گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) چوہدری محمد رمضان کی جانب سے گزشتہ 35 سال سے عوام کی خدمت میں مصروف ہیں اور ہر رمضان المبارک میں رمضان المبارک آپٹیکل سنٹر میں فری آئی کیمپ کا انعقاد کر کے اللہ تعالیٰ کی مخلوق کی خدمت کرتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں، اس سلسلہ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چوہدری محمد رمضان کا کہنا تھا کہ یہ خدمت کا شوق مجھے اللہ تعالیٰ کی رضا میں راضی رہنے سے ملتا ہے جو میرے لئے روح وقلب کے سکون کا موجب بنتا ہے، اس طرح اللہ رب العزت بھی مجھے روحانی وجسمانی طور پر بے حد سکون دیتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوام کی خدمت کا جو بیڑہ اٹھایا ہوا ہے اس کے لئے رمضان المبارک میں دن رات مگن رہتا ہوں اس نیک کام کے سلسلہ میرے دوست احباب اور ڈاکٹرز بھی ہمہ وقت میرے شانہ بشانہ ہوتے ہیں۔

صحافیوں سے ٹریفک وارڈن کی بدتمیزی کے معاملے پر صدر پریس کلب شاہد علی کی قیادت میں سی ٹی او فیصل آباد سے ملاقات

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) پرمانٹ نیوز کے فوٹو گرافر پر تشدد اور سینئر صحافیوں سے ٹریفک وارڈن جاوید کی بدتمیزی کے معاملے پر صدر پریس کلب شاہد علی کی قیادت میں ایک اعلیٰ سطحی وفد نے سی ٹی او فیصل آباد سے ملاقات کی۔ وفد میں صدر پریس کلب شاہد علی، سیکرٹری پریس کلب سید عرادار حسین، گروپ لیڈر ایڈیٹر کونسل زاہد مان، جوائنٹ سیکرٹری پریس کلب ندیم جاوید ڈیانی اور دیگر سینئر صحافی شامل تھے۔ وفد نے سی ٹی او فیصل آباد کو واقعے کی تفصیلات سے آگاہ کیا اور مطالبہ کیا کہ ملوث اہلکاروں کے خلاف فوری کارروائی کی جائے۔ سی ٹی او فیصل آباد نے فوری طور پر ایک انکوائری کمیٹی تشکیل دی، جس میں صدر پریس کلب شاہد علی، سیکرٹری پریس کلب سید عرادار حسین، ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر اور ڈی ایس پی سٹی کو شامل کیا گیا۔ انکوائری کمیٹی نے تحقیقات کے بعد متعلقہ ٹریفک اہلکاروں کو قصوروار قرار دیا، جس پر سی ٹی او فیصل آباد نے موقع پر ہی انہیں معطل کرنے کا حکم جاری کر دیا۔ سیکرٹری پریس کلب سید عرادار حسین نے کہا کہ صحافیوں کو اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کی انجام دہی میں کسی قسم کی رکاوٹ یا بدتمیزی کا سامنا نہیں ہونا چاہیے اور ایسے واقعات کی فوری روک تھام ضروری ہے۔

پاکستان قوم اس وقت امریکی غلاموں کے شکنجے میں آئی ہے: سابق صدر یوسف ڈائیر

حکمرانوں نے ملک وقوم کو بھکاری بنا دیا ہے پاکستان قوم اس وقت امریکی غلاموں کے شکنجے میں آئی ہے



فیصل آباد (اشرف خان) چیمبر آف کامرس سابقہ صدر یوسف ڈائیز اینڈ کیمیکلز سرپرست اعلیٰ انجمن تاجران فیصل آباد میاں ایوب صابر نے کہا کہ حکمرانوں نے ملک وقوم کو بھکاری بنا دیا ہے پاکستان قوم اس وقت امریکی غلاموں کے شکنجے میں آئی ہے ائی ایم ایف کا اراد اداروں کی کارگردگی کو چیک کرنا مکمل اختیار ہے ہمیں اپنی پالیسیوں کو مسلط کرنا شرمناک اقدام ہے پاکستان کا ہر شہری دو لاکھ 95 ہزار روپے کا مقروض ہے جبکہ حکومت صرف ڈنگ ڈپاؤ اقدامات کررہی ہے انہوں نے کہا کہ ائی ایف کے بجلی اور پٹرول کی قیمتوں میں اضافے کے حکم پر اپنا ردعمل دیتے ہوئے کہ حکمرانوں نے پاکستان کو بھکاری بنا کر خود مختاری اور سلامتی سب کچھ چند ڈالروں کے اوزبیچ دیا ہے ائی ایم ایف کے احکام کی جانب سے رد داروں کی کارگردگی کو چیک کرنا حکومتی اقدامات کو مانیٹر کرنا اپنی پالیسی کو مسلط کرنا شرمناک اقدام ہے انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ ملک وقوم اس وقت امری

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

اوآئی سی وزرائے خارجہ اجلاس امریکی صدر کا غزہ سے متعلق منصوبہ مسترد

مشرقِ وسطیٰ میں ان دنوں غزہ کی تعمیرِ نو سب سے اہم موضوع ہے۔ علاوہ ازیں، مسئلہ فلسطین کے مستقل حل کے لیے بھی کوششیں جاری ہیں۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے غزہ میں بسنے والے مظلوم فلسطینیوں کو ان کے علاقے سے بے دخل کرنے کا جو منصوبہ دیا تھا اس سے متعلق صرف عرب ممالک ہی نہیں بلکہ دنیا کے کئی اور ملکوں نے بھی تشویش کا اظہار کیا۔ تشویش کے اس اظہار کے ذریعے ابتدائی طور پر یہ واضح کر دیا گیا تھا کہ صدر ٹرمپ کا منصوبہ باقی دنیا کے لیے قابلِ قبول نہیں ہے اور عرب ممالک ایسے کسی منصوبے کو ہرگز قبول نہیں کریں گے۔ اس بات کو مزید واضح کرنے کے لیے عرب ممالک کا ایک غیر معمولی اجلاس مصر کے دارالحکومت قاہرہ میں ہوا تھا جس کے بعد اب اسلامی تعاون تنظیم (اوآئی سی) کے رکن ممالک کے وزرائے خارجہ کا ایک اہم اجلاس سعودی عرب کے ساحلی شہر جدہ میں منعقد جدہ میں ہونے والے اجلاس کے ذریعے اوآئی سی نے امریکی صدر کے فلسطینیوں کی بے دخلی کے منصوبے کو مسترد کرتے ہوئے عرب ممالک کے منصوبے کے تحت غزہ کی تعمیرِ نو کی حمایت کی ہے۔ گزشتہ دنوں قاہرہ میں عرب ممالک کا جو غیر معمولی اجلاس ہوا تھا اس میں مصر نے ٹرمپ کی تجویز کو مسترد کرتے ہوئے غزہ کی تعمیرِ نو کے لیے ایک ایسا منصوبہ پیش کرنے کا اعلان کیا تھا جو فلسطینیوں کے حقوق کا احترام کرے اور انھیں ان کی سرزمین پر برقرار رکھے۔ مصر کے غزہ کے حوالے سے 53 ارب ڈالر کے مجوزہ 5 سالہ منصوبے میں لاکھوں مکانات، تجارتی بندرگاہ اور ہوائی اڈے کی تعمیر شامل ہے جبکہ فلسطینی علاقوں میں انتخابات اور دوریاستی حل کی کوششیں بھی منصوبے کا حصہ ہے۔ جدہ اجلاس کے موقع پر اوآئی سی کے سیکرٹری جنرل حسین ابراہیم طٰہٰ نے اپنے خطاب میں اس بات پر زور دیا کہ فلسطینی عوام کو اپنی سرزمین پر رہنے کا نہ صرف مکمل حق حاصل ہے بلکہ انھیں ایک خودمختار ریاست کے طور پر عالمی سطح پر اپنا کردار ادا کرنے کا بھی حق ہے۔ حسین ابراہیم طٰہٰ نے اسرائیل کی جانب سے بیت المقدس کی بے حرمتی، فلسطینی نوجوانوں کی گرفتاریوں اور شہادت جیسے جرائم کی سخت مذمت کی۔ انھوں نے عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ اسرائیلی مظالم کو رکوانے کے لیے فوری اور موثر اقدامات کرے۔ وزرائے خارجہ نے متفقہ طور پر عرب منصوبے کے تحت غزہ کی تعمیرِ نو کی حمایت کی اور فلسطینی عوام کو جبراً غزہ سے بے دخل کرنے کے کسی بھی بیان کو مسترد کر دیا۔ اوآئی سی وزرائے خارجہ کونسل کے خصوصی اجلاس میں نائب وزیرِاعظم اور وزیرِ خارجہ اسحاق ڈار نے پاکستان کی نمائندگی کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ غزہ کا بنیادی ڈھانچا تباہ ہو چکا ہے، فلسطین کی موجودہ صورتحال مسلم دنیا کی فوری ردِعمل کی طلب گار ہے۔ غزہ کے عوام کی بقاء امداد کی ترسیل سے ہی ممکن ہے۔ مصر اور امریکا کی جنگ بندی کی کوشش امید کی کرن ہے۔ جنگ کے دوبارہ آغاز اور جبر کے لیے اسرائیلی خواہش کو متحد ہو کر روکنا ہوگا، فلسطینی عوام کو اپنے علاقوں سے نکالنا نسل کشی کے مترادف ہے۔ اسلامی تعاون تنظیم ہر اس تجویز کو رد کرے جو فلسطینیوں کو بے گھر کرنے کے لیے ہو، اوآئی سی کسی بھی ایسے ایجنڈے کے لیے متحد ہو جائے۔ اسحاق ڈار نے پاکستان کی جانب سے اجلاس میں تجاویز پیش کرتے ہوئے کہا کہ 3 نکاتی جنگ بندی معاہدے پر فوری عمل درآمد کیا جائے، جنگ کا مستقل خاتمہ ممکن بنایا جائے اور انسانی امداد کی ترسیل اور تعمیرِ نو کا جامع منصوبہ فوری یقینی بنایا جائے۔ سعودی عرب نے بھی جدہ اجلاس میں فلسطینیوں کو ان کی سرزمین سے بے گھر کرنے کے مطالبات اور خیالات کو مسترد کرنے کی تجدید کی۔ اس حوالے سے سعودی وزیرِ خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان نے غزہ میں پائیدار امن کی ضرورت پر زور دیا۔ سعودی وزیرِ خارجہ کا کہنا تھا کہ ان کا ملک دوریاستی حل کے لیے بین الاقوامی اتحاد کے ذریعے ممالک کے ساتھ اپنا کام جاری رکھے ہوئے ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ خطے میں مستقل اور جامع امن صرف ایک ایسی فلسطینی ریاست کے قیام کے ذریعے ہی حاصل کیا جا سکتا ہے جس کا دارالحکومت مشرقی القدس ہو اور جس کی سرحدیں چار جون 1967ء والی ہوں۔ ادھر، حماس نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ پر زور دیا ہے کہ وہ غزہ میں جاری جنگ بندی کے دوران رہا کردہ فلسطینی قیدیوں سے ملاقات کریں۔ حماس کے سینئر رہنما باسم نعیم نے ٹرمپ کے نام ایک کھلے خط میں لکھا، جس طرح انھوں نے اسرائیلی قیدیوں کے ناقابلِ برداشت مصائب کے بارے میں بات کی تو امریکی صدر کو آزاد فلسطینی سیاسی قیدیوں کے لیے اسی سطح کے احترام کا مظاہرہ اور ان سے ملنے اور ان کی کہانیاں سننے کے لیے وقت مختص کرنا چاہیے۔ دوسری جانب، یہ خبر بھی سامنے آئی ہے کہ ٹرمپ انتظامیہ حماس کی حمایت کرنے والے طلبہ کا اے آئی کے ذریعہ سوشل میڈیا پلیٹ فارم چیک کر کے ویزے منسوخ کرے گی۔ امریکی ذرائع ابلاغ نے دعویٰ کیا ہے کہ فلسطینیوں کے حق میں مظاہروں کے گڑھ کولمبیا یونیورسٹی کی 400 ملین ڈالر کی وفاقی گرانٹ منسوخ کر دی گئی ہے۔ مسئلہ فلسطین آج پیدا نہیں ہوا، یہ گزشتہ پون صدی سے زائد عرصے سے چل رہا ہے اور اس دوران غاصب صہیونی بہت بڑی تعداد میں فلسطینیوں کو شہید کر چکے ہیں۔ زمینوں پر قبضے اور بے پناہ مالی نقصان اس کے علاوہ ہے۔ اگر اس مسئلے نے محض بیانات یا مذمتی قراردادوں کے ذریعے حل ہونا ہوتا تو اب تک ہو چکا ہوتا۔ امریکا اور کچھ یورپی ممالک اسرائیل کی ہر طرح کی حمایت جاری رکھے ہوئے ہیں اور وہ اس سے کبھی بھی باز نہیں آئیں گے۔ مسلم ممالک اگر واقعی اس مسئلے کے حل کے لیے سنجیدہ ہیں تو انھیں صرف اسرائیل ہی نہیں بلکہ اس کی حمایت کرنے والوں کے بھی خلاف کھڑا ہونا ہوگا۔ جب تک دوٹوک موقف اختیار کرتے ہوئے ٹھوس اقدامات نہیں کیے جائیں گے تب تک یہ مسئلہ حل نہیں ہوگا۔

چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی کی اصول پسندی



وطنِ عزیز میں سیاستدانوں کو بحیثیت مجموعی محض اقتدار کی ہوس میں مبتلا بتایا جاتا ہے۔ سیاستدانوں کی لعنت ملامت کرتے ہوئے ہم بھول جاتے ہیں کہ جن دنوں مسلم اشرافیہ کی بے پناہ اکثریت برطانوی استعمار کی تشکیل کردہ سول اور ملٹری انتظامیہ میں بھرتی کو مرے جارہی تھی تو محمد علی جناح جیسے سیاستدانوں ہی کی بدولت پاکستان کا قیامِ عمل میں آیا تھا۔ قیامِ پاکستان کے بعد بھی ہماری تاریخ میں ایسے کئی واقعات رونما ہوئے جہاں چند سیاستدانوں نے انفرادی یا جماعتی حیثیت میں ہر نوع کے آمرانہ ہتھکنڈوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ طاقتوروں کے آگے نہ جھکنے کی وجہ سے بھٹو کو پھانسی ملی۔ خان غفار خان اور عبدالصمد اچکزئی جیسوں نے تقریباً ساری عمر جیلوں میں گزار دی۔ میاں افتخار الدین اور حسین شہید سہروردی جیسے قدآور رہنما افسردگی سے موت کی نذر ہوئے۔ سختیاں جھیلنے والوں کو مگر ہم یاد نہیں رکھتے۔ 'جنہڑا جتے اوہدے نال' کا رویہ نہایت ڈھٹائی سے اپناتے ہیں۔ اس کے باوجود فقط سیاستدانوں ہی سے یہ توقع باندھتے ہیں کہ وہ آمرانہ رویوں کا مقابلہ کریں۔ مقابلہ کرنے والوں کو یاد نہ رکھنے کی عادت نے ہمارے سیاستدانوں کی اکثریت کو بھی اب بے دریغ انداز میں اصول بھول جانے کا عادی بنا دیا ہے۔

مذکورہ تناظر میں سینیٹ کے موجودہ چیئرمین یوسف رضا گیلانی کو میں استثنا کی صورت دیکھنے کو مجبور ہوں۔ جنرل ضیاء کی مجلس شوریٰ کا رکن ہونے کے بعد وہ 1985ء کی نیشنل اسمبلی میں آئے تھے۔ انھیں ایک روایتی جاگیردار سیاستدان سمجھتا رہا جو طاقتور کو نہ کہنے کے جبلی طور پر قابل ہی نہیں ہوتا۔ ان کو قریب سے جاننے والے چند بزرگ سیاستدان اگرچہ مجھے بتاتے رہے کہ ملتان کے گیلانی خاندان میں کبھی کبھار 'باغیانہ خیال' کے حامل افراد بھی پیدا ہو جاتے ہیں۔ برطانوی دور میں ضلع کونسل کی چودھراہٹ اہم ترین عہدوں میں شمار ہوتی تھی۔ اس منصب پر فائز ہونے کے لیے ضلع کے انگریز ڈپٹی کمشنر کی سرپرستی درکار تھی۔ گیلانی خاندان کے ایک بزرگ مگر انگریز ڈی سی کی سرپرستی کے بغیر ضلع کونسل کے چودھری منتخب ہو گئے۔ لوگوں کو چونکا دیا۔

1985ء کی اسمبلی میں پیر پگاڑا کی تھپکی کے ساتھ نواز شریف کو پنجاب کی وزارت اعلیٰ سے ہٹانے کے لیے ایک گیم لگی۔ جنرل ضیاء نے براہِ راست مداخلت کے ذریعے نواز شریف کا 'کلّہ' بچایا۔ یوسف رضا گیلانی اس گیم میں اپنی ہار تسلیم کرنے کے بعد اچھے وقت کا انتظار کرنے لگے۔ بالآخر 1986ء آیا تو پیپلز پارٹی میں شامل ہو کر وفاقی وزیر بن گئے۔ محترمہ بے نظیر بھٹو کی حکومت مگر دو سال بعد ہی صدر اسحاق کے ہاتھوں برطرف کر دی گئی۔ نئے انتخاب ہوئے تو نواز شریف اپنی مسلم لیگ کے ساتھ وزیرِاعظم کے دفتر پہنچ گئے۔ یوسف رضا گیلانی نے دیگر کئی روایتی سیاستدانوں کی طرح چڑھتے سورج کا ساتھ نہیں دیا۔ پیپلز پارٹی ہی میں ٹکے رہے۔ اس وابستگی نے مجھے حیران کیا۔

آصف علی زرداری 1990ء کے انتخاب کے دوران قومی اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے تھے۔ صدر اسحاق نے اپنے 'احتساب کمشنر' مرحوم روائیداد خان کے ذریعے انھیں مختلف کرپشن مقدمات کے تحت جیل میں ڈال دیا۔ سندھ کے وزیرِ اعلیٰ جام صادق علی بھی پیپلز پارٹی سے ناراض ہو کر اسحاق خان کے کارندے بن چکے تھے۔ انھوں نے جاگیردارانہ مغتنم المزاجی کے ساتھ ان پر سندھ میں مزید کئی مقدمات قائم کر کے زرداری صاحب کو تاعمر جیل میں رکھنے کا عہد باندھ رکھا تھا۔

دنیا کے کئی جمہوری ملکوں میں سنگین ترین جرائم کے تحت گرفتار ہوئے رکن پارلیمان کو بھی یہ حق دیا جاتا ہے کہ وہ پارلیمان کے اجلاس کے دوران 'اپنے لوگوں کی نمائندگی' کے لیے وہاں موجود ہو۔ گرفتار شدہ رکن کی ایوان زیریں یا بالا میں حاضری یقینی بنانے کے لیے مذکورہ ایوانوں کے سربراہ 'پروڈکشن آرڈر' جاری کرتے ہیں۔ 1990ء کی قومی اسمبلی کے سپیکر عمر ایوب خان کے والد گوہر ایوب خان تھے۔ وہ اسمبلی کا ہر اجلاس شروع ہوتے ہی پیپلز پارٹی کے مطالبے پر آصف علی زرداری کی اس میں موجودگی یقینی بنانے کے لیے 'پروڈکشن آرڈر' جاری کرتے۔ جام صادق علی مگر 'میری قید' میں موجود 'مجرم' کو اسلام آباد بھیجنے سے انکار کر دیتے۔ ان کے انکار کو صدر غلام اسحاق خان کی کامل پشت پناہ میسر ہوتی۔ کئی مہینوں تک جام صادق علی کے ہاتھوں زچ ہونے کے بعد محترمہ بے نظیر بھٹو اور گوہر ایوب خان کے مابین ایک تفصیلی ملاقات ہوئی۔ مذکورہ ملاقات کو ان دنوں کے وزیرِاعظم نواز شریف کی خفیہ تائید بھی حاصل تھی۔ بالآخر فیصلہ یہ ہوا کہ کسی گرفتار رکن اسمبلی کی ایوانِ زیریں کے اجلاس میں موجودگی یقینی بنانے کے لیے اسمبلی کے قواعد میں ایسی زبان کے ساتھ کوئی نئی شق ڈالی جائے جو جام صادق علی جیسے افراد کو اس ضمن میں بے اثر بنا سکے۔ کئی مہینوں کی جدوجہد کے بعد متعارف ہوئی اس شق کی بدولت بالآخر آصف علی زرداری جیل سے قومی اسمبلی کے اجلاسوں میں آنا شروع ہو گئے۔ وقت 1993ء میں لیکن بدل گیا۔ صدر اسحاق نے محترمہ بے نظیر بھٹو کی پہلی حکومت برطرف کرنے کے بعد نواز شریف کی پہلی حکومت کو بھی اس برس کے اپریل میں برطرف کر دیا۔ نئے انتخاب ہوئے تو محترمہ بے نظیر بھٹو وزارت عظمیٰ کے منصب پر لوٹ آئیں۔ یوسف رضا گیلانی قومی اسمبلی کے رکن منتخب ہو کر اس کے سپیکر بن گئے۔ 1993ء کی اسمبلی میں اپوزیشن بنچوں پر راولپنڈی کی لال حویلی سے اٹھے بقراطِ عصر بھی موجود ہوا کرتے تھے۔ محترمہ بے نظیر بھٹو جب بھی بطور وزیرِاعظم قومی اسمبلی کے اجلاس میں داخل ہوتیں تو گلی کے لونڈوں کی طرح ان پر فقرے اچھالتے۔ ایک بار موصوف نے محترمہ کے لباس کی مناسبت سے انتہائی بے ہودہ فقرہ کہا۔ جب وہ یہ فقرہ ادا کر رہے تھے تو فواد چودھری کے تایا۔ چودھری الطاف حسین۔ بطور گورنر پنجاب مہمانوں کی گیلری میں موجود تھے۔ محترمہ کی تقریر کے بعد ان کی وزیرِاعظم سے ملاقات تھی۔ ان کے لیے مگر انھیں انتظار کرنا پڑا کیونکہ بقراطِ عصر کے رکیک جملوں نے محترمہ کو بدل کر دیا تھا۔ محترمہ سے ملتے ہی چودھری الطاف نے غصیلے جاٹ کی طرح وعدہ کیا کہ وہ بقراطِ عصر کی بدزبانی کا بدلہ لیں گے۔ اپنا عہد نبھانے کے لیے چودھری صاحب نے اسی رات بدزبان بقراط کی لال حویلی سے منوسہ بور کی بندوق بذریعہ پنڈی پولیس برآمد کروالی۔ منوسہ بور کا غیر قانونی اسلحہ رکھنے کے الزام میں بقراطِ عصر پر اسداد دہشت گردی کی عدالت میں تیز رفتاری سے مقدمہ چلا۔ قید بامشقت کی سزا سنانے کے بعد انھیں قیدیوں سے مختص لباس پہنوا کر بہاولپور جیل بھیج دیا گیا۔ قومی اسمبلی کے مگر وہ ابھی بھی رکن تھے۔ جب قومی اسمبلی کا اجلاس ہوتا تو مسلم لیگ لال حویلی کے بدزبان کے لیے پروڈکشن آرڈر کا تقاضا کرتی۔ یوسف رضا گیلانی کی جانب سے جاری ہونے کے باوجود مگر اس پر عمل درآمد نہ ہوتا کیونکہ اب کی بار پنجاب کا مہاراجہ ہوئے چودھری الطاف 'اپنا قیدی' اسلام آباد بھیجنے کو تیار نہ ہوتے۔ یوسف رضا گیلانی کو پیپلز پارٹی میں شامل جی حضوری بھی تنہائی میں لال حویلی کے مکیں کی بدزبانیاں یاد دلاتے۔ گیلانی صاحب کا مگر ایک ہی جواب ہوتا اور وہ یہ کہ اسمبلی کے قواعد گرفتار رکن پارلیمان کی قومی اسمبلی کے اجلاس میں موجودگی کا تقاضا کرتے ہیں اور یہ اصول پیپلز پارٹی کی محبت و لگن سے مضبوط ہوا تھا۔ وہ پروڈکشن آرڈر جاری کرتے رہے۔ چوہدری الطاف حسین ان کی حکم عدولی کو مصر رہے تو گیلانی صاحب نے نہایت خاموشی و بردباری سے قومی اسمبلی کے اجلاس کی صدارت سے غائب رہنا شروع کر دیا۔ ان کی عدم موجودگی حکومت کے لیے سبکی کا باعث ہوئی۔ بالآخر بدزبان نے محترمہ کو چند لوگوں کے ذریعے یقین دلایا کہ اگر انھیں پروڈکشن آرڈر کے ذریعے قومی اسمبلی کے اجلاس میں آنے دیا گیا تو وہ خاموش رہا کریں گے۔ اس یقین دہانی کے بعد گیلانی صاحب کے پروڈکشن آرڈر پر عمل درآمد ہونا شروع ہو گیا۔ وقت ایک بار پھر بدل چکا ہے۔ یوسف رضا گیلانی ان دنوں چیئرمین سینیٹ ہیں۔ حکومت مسلم لیگ (ن) کی ہے اور اپوزیشن میں تحریک انصاف بیٹھی ہے جو اپنے ساڑھے تین سالہ دورِ اقتدار کے دوران گرفتار رکن قومی اسمبلی کی پارلیمان کے اجلاسوں میں موجودگی کو 'قانون سب کے لیے برابر' والے اصول کی نفی قرار دیتے ہوئے اسے ناممکن بناتی رہی۔ وقت مگر بہت ہی ظالم ہے۔ ان دنوں تحریک انصاف کے ایک سینیٹر۔ اعجاز چودھری۔ 9 مئی کے حوالے سے کئی ماہ سے جیل میں ہیں۔ جیل میں ہوتے ہوئے بھی لیکن وہ منتخب سینیٹر ہیں۔ تحریک انصاف نے سینیٹ کے اجلاس میں ان کی موجودگی کا مطالبہ کیا تو یوسف رضا گیلانی نے 13 جنوری کو ان کا پروڈکشن آرڈر جاری کر دیا۔ ان کے حکم پر عمل نہ ہوا تو سینیٹ کے اجلاسوں کی صدارت کرنا ویسے ہی چھوڑ دی جیسے بطور سپیکر قومی اسمبلی محترمہ کی دوسری حکومت کے دوران کیا کرتے تھے۔ 6 مارچ کو مگر حکومت نے تحریک انصاف کے ایک اور سینیٹر عون عباس بپی کو بھونڈے انداز میں گرفتار کر لیا۔ پولیس اگر کسی رکن پارلیمان کو گرفتار کرے تو اس واقعہ کی اطلاع قومی اسمبلی کے سپیکر یا سینیٹ چیئرمین کو فراہم کرنا لازمی ہے۔ عون عباس ہی کے حوالے سے اس روایت کو بھی بھلا دیا گیا۔ اسی باعث یوسف رضا گیلانی طویل وقفے کے بعد جمعہ کے روز میڈیا کے روبرو آئے اور واضح الفاظ میں اعلان کر دیا کہ وہ سینیٹ کے ہفتے کے دن ہونے والے اجلاس میں اعجاز چودھری اور عون عباس کی موجودگی یقینی بنانے کے لیے پروڈکشن آرڈر جاری کر چکے ہیں۔ ان پر عمل درآمد نہ ہونے کی صورت میں ہوتا ہے؟ تو کیا آرمی چیف کے فقرے کا یہ "ترجمہ" کیا جائے کہ حالیہ قومی انتخابات کے نتیجے میں جو سیاسی قیادت پاکستان کو ملی وہ "قومی وحدت" کی امین نہیں اور اسی لئے ہمیں اب یوسف رضا گیلانی میں اپنا عہد نبھانے کا دم خم باقی رہ گیا ہے یا نہیں۔ مجھے یہ لکھتے ہوئے خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ چیئرمین سینیٹ نے نتائج کی پروا کیے بغیر اپنا قول نبھایا۔ ان کے رویے نے مجھے امید پرست منو بھائی کی بیان کردہ 'اجے قیامت نئیں آئی' کی یاد دلا دی ہے۔

قومی وحدت کی ضرورت!

آج سے دو تین روز پہلے کہ ماہِ رمضان المبارک کا پہلا جمعہ تھا ایک انگریزی اخبار (دی ایکسپریس ٹریبون) کے صفحہ اول پر نظر پڑی تو دیکھا اور پڑھ کر حیرانی ہوئی۔ حیرانی اس بات کی تھی کہ آخر پاکستان آرمی کی ٹاپ کلاس قیادت کو اس صداقت کا اظہار کرنا پڑا کہ "ملک سے دہشت گردی کے خاتمے کے لئے قومی وحدت کی ضرورت ہے"۔ یہ چار کالمی شہ سرخی تھی جس کا سرِعنوان یہ تھا:

اور جیسا کہ اخباری روائت ہے اس شہ سرخی کے ساتھ ایک رنگین تصویر بھی تھی۔ ہمارے آرمی چیف CMH بنوں میں ایک زخمی سولجر کی عیادت کر رہے تھے۔ ان کے ساتھ پشاور کے کورکمانڈر بھی تھے کہ بنوں کینٹ صوبہ سرحد میں واقع ہے۔ زخمی سولجر کی بائیں آنکھ پر پٹی بندھی ہوئی تھی اور جنرل عاصم منیر ان کو دلاسہ دے رہے تھے۔ اس خبر کے ساتھ تین ڈیک بھی تھے جن کی عبارت یہ تھی:

1۔ جنرل عاصم بنوں پر حملے کے منصوبہ سازوں کو انصاف کے کٹہرے میں ضرور لائیں گے۔

2۔ دہشت گردوں کے حملے کو ناکام بنانے کے لئے انہوں نے ٹروپس کی تعریف کی۔

3۔ اور کہا کہ پاک آرمی دہشت گردی کے خلاف ایک ناقابلِ تسخیر چٹان بنی ہوئی ہے۔

بنوں کینٹ پر دہشت گردوں کا یہ پہلا حملہ نہیں تھا اور جس طرح آرمی کے ٹروپس نے گزشتہ حملوں کی طرح اس حملے کو بھی ناکام بنایا وہ بھی کوئی پہلا کارنامہ نہیں تھا۔ اگر آرمی، پاکستان کی بیرونی اور اندرونی سرحدوں کی حفاظت کی ضامن نہ ہوتی تو آج پاکستان میں بھی وہی کچھ ہو رہا ہوتا جو حال ہی میں غزہ میں ہوا ہے۔ اس حوالے سے دیکھا جائے تو ہماری مسلح افواج کی قربانیاں قابلِ صد تحسین ہیں اور ہم اس لئے راتوں کو چین کی نیند سوتے ہیں کہ ہماری مغربی سرحدوں پر دشمن کے حملوں کا مقابلہ کرنے کے لئے ایک ایسی فورس موجود ہے جو اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے ہمیں یہ پُرسکون لمحات فراغت عطا کرتی ہے!

لیکن وہ بات کہ جو آرمی چیف نے کہی ہے کہ قوم کو "قومی وحدت" کی ضرورت ہے تو یہ ایک نہائت "معنی خیز" بات اور خبر ہے۔ کس کو معلوم نہیں کہ قومی وحدت کا اظہار الیکشنوں میں ہوتا ہے؟ تو کیا آرمی چیف کے فقرے کا یہ "ترجمہ" کیا جائے کہ حالیہ قومی انتخابات کے نتیجے میں جو سیاسی قیادت پاکستان کو ملی وہ "قومی وحدت" کی امین نہیں اور اسی لئے ہمیں اب قومی وحدت کی ضرورت ہے۔ آرمی چیف کے اس اعلان کو جو معانی بھی پہنائے جائیں، ان میں ایک بات بدیہی ہے کہ "آج ہمیں وہ قومی وحدت میسر نہیں جو دہشت گردی کے ناسور کا خاتمہ کر سکے"۔ پاکستان کو تین برسوں سے وہ آزار لاحق ہے جو "قومی وحدت" کو بروئے عمل آنے نہیں دے رہا اور یہی وجہ ہے کہ ملک میں دہشت گردی کا عفریت سر بلند ہے اور وہ قومی وحدت جو اس دیو کو سرنگوں کرے وہ عنقا ہے!



ملک کا ایک کثیر طبقہ، آبادی یہ سمجھتا ہے کہ پاکستان پر جو حکومت گزشتہ تین برسوں سے مسلط کر دی گئی ہے وہ ملک کی نمائندہ حکومت نہیں ہے۔ تحریک انصاف کے بانی عمران خان کو انصاف کے کٹہرے میں لا کر ملک کو اس کشمکش سے آزاد کر دینے کی ضرورت ہے جو قوم کی خوشحالی اور فارغ البالی کا گلہ دبا رہی ہے۔۔۔ ۔۔۔

دوسرے لفظوں میں پاک آرمی کو قومی وحدت کے تقاضے پورے کرنے کے لئے ملک کو جلد سے جلد قومی انتخابات کی طرف لے جانے کی ضرورت ہے۔ آبادی کا جو طبقہ، موجودہ حکومت سے نالاں ہے یا اس کو تبدیل کرنا چاہتا ہے تو سوال یہ ہے کہ اس کشیدگی کا علاج کیا ہے؟۔۔۔ ۔۔۔ آپ آج ایک عام پاکستانی سے یہ سوال پوچھیں تو وہ یہی جواب دے گا کہ اس الجھن کا واحد مداوا قومی انتخابات ہیں۔ ان کا انعقاد وقت کی اہم ضرورت ہے۔ جو لوگ آج کی برسرِ اقتدار سیاسی قیادت پر چیں بہ جبیں ہوتے ہیں یا انگلیاں اٹھاتے ہیں، ان کو خاموش کر کے قوم کو ایک واحد قومی دھارے میں لایا جانا ضروری ہے۔

بنوں میں جو خودکش حملہ ہوا ہے، اس کے ڈانڈے ہمارے مغربی ہمسائے افغانستان سے ملے ہوئے ہیں۔ افغانستان کھل کر فتنہء خوارج کی حمائت کر رہا ہے اور ہم پاکستانی کھل کر اس "فتنے" کا نشانہ بنتے چلے جا رہے ہیں۔ ہمارے فوجی اور سویلین اتلافات (Casualties) کا یہ سلسلہ بند ہونا چاہیے۔ ہماری فوج کے جو ٹروپس شہید ہو رہے ہیں وہ کسی روائتی جنگ کے نتیجے میں شہید نہیں ہو رہے۔ پاکستان نے انڈیا کے ساتھ جو چار جنگیں لڑی ہیں ان میں شہید اور زخمی ہونے والوں کی تعداد ملٹری ہسٹری کی کتب میں دیکھی جا سکتی ہے۔ لیکن کے پی اور بلوچستان میں گزشتہ برسوں میں جو دہشت گردانہ حملے ہوتے رہے ہیں اور ہو رہے ہیں ان میں شہداء کی تعداد ہماری چاروں انڈو پاک جنگوں سے زیادہ ہے۔

کیا ہم اس انتظار میں ہیں کہ افغانستان اگر "راہِ راست" پر نہیں آتا تو اس کو سبق سکھانے کے لئے ہمیں کسی اور "بدیہی سبب" کا کھوج لگانے کی ضرورت ہے؟۔۔۔ ۔۔۔ افغانستان ہمارا برادر مسلم اور ہمسایہ ملک ضرور ہے۔ پاک۔ افغان تعلقات پر کئی کتابیں لکھی جا چکی ہیں، ان کا مطالعہ کیا جا سکتا ہے۔ بین الاقوامی سازشوں کے کرداروں سے ہم ایک طویل عرصے سے واقف ہیں۔ اس لئے ہمیں ایک ایسی سٹرٹیجی تشکیل دینے کی ضرورت ہے کہ جو موجودہ صورتِ حال میں پاکستان کے فوجی اور سول جانی نقصانات کا ازالہ کر سکے۔

مقامِ مسرت ہے کہ ہمارے آرمی چیف نے ایک قومی وحدت کی سٹرٹیجی بنانے کی بات کی ہے۔ اسی سٹرٹیجی کے خدوخال تشکیل دینے کے لئے متعلقہ اداروں میں کام ہو رہا ہوگا لیکن اس میں جتنی تاخیر ہو رہی ہے اس کا نقصان پاکستان کو ہو رہا ہے۔

بنوں کینٹ پر حالیہ حملے میں فتنہء خوارج کے تمام 16 حملہ آوروں کو "جہنم واصل" کیا جا چکا ہے۔ لیکن آنے والے کل میں انہی کے بھائی بند پھر نمودار ہوں گے، ان کے ٹھکانے اگر افغانستان میں ہیں تو ان پر یکبارگی حملہ کر کے ان کو برباد کرنے کی راہ میں جو مشکلات ہوں گی، ان کے کیف وکم (Quality and Quantity) کا اندازہ تو آرمی قیادت کو ضرور ہوگا۔ لیکن ان حملوں میں اب تک پاکستان کا بہت سا نقصان ہو چکا ہے۔ دہشت گردوں کے نقصانات کا مقابلہ پاک فوج اور ہمارے سویلین افراد کے نقصانات سے نہیں کرنا چاہیے۔ دہشت گردوں کا تو اوڑھنا بچھونا ہی پاکستانی فوج کو نقصان پہنچانا ہے۔ ہمارا اگر ایک سپاہی مارا جاتا ہے تو اس کے ساتھ اس کا پورا خاندان "تباہ" ہو جاتا یا تباہی کے دہانے تک جا پہنچتا ہے۔ ہمیں سوچنا چاہیے کہ ہم کب تک اپنے تربیت یافتہ اور باہمت ٹروپس کو افغانستان سے آنے والے ان خوارجیوں کے مقابل صف آراء کرتے رہیں گے۔

ہم پاکستانیوں کو یہ بھی سوچنا چاہیے کہ نہ صرف ان حملوں کا قلع قمع کرتے ہوئے ہمارے فوجی جوان اور آفیسر شہید ہوتے یا زخمی ہو جاتے ہیں اور ان کے اہلِ خاندان بھی متاثر ہوتے ہیں بلکہ پوری پاکستانی قوم کے اجتماعی مورال پر بھی منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ ہمارا فوجی اور قومی کاز (Cause) یہ نہیں ہونا چاہیے کہ ان اکا دکا دہشت گردوں کا مقابلہ کرنے کے لئے اٹریشن کا ڈاکٹرین اختیار کریں بلکہ ایک ایسی قومی سٹرٹیجی کی تشکیل کی ضرورت ہے جس کے ڈانڈے قوم کے مستقبل کے ساتھ ملے ہوئے ہوں۔۔۔۔

اس حوالے سے دیکھا جائے تو ہمارے آرمی چیف نے جس "قومی وحدت" کی ضرورت پر زور دیا ہے، وہ پاکستان کے مستقبل کی "اہم ترین ضرورت" ہے!

آئی ایم ایف کا سرکاری ملازمین فارغ کرنے کا مطالبہ

پے در پے میچ ہارنے کے بعد ہماری کرکٹ ٹیم کے کھلاڑی نیم بے ہوشی کے عالم میں ہیں، انہوں نے سینئر کھلاڑیوں کے ہوتے ہوئے تمام میچوں میں بدترین شکست کھائی تو اب نا تجربہ کار اور بالکل نئے کھلاڑیوں کو نیوزی لینڈ بھیج کر ملک اور عوام کو مزید بدنام کیا جائے گا۔؟ مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ پاکستانی ٹیم کے کھلاڑی کرکٹ کے میدان میں اتنے خوش نظر نہیں آتے، جتنے وہ ٹی وی کی سکرین پر ایڈورٹائزمنٹ میں خوش دکھائی دیتے ہیں۔ اس لیے کہا جاسکتا ہے کہ وہ کرکٹر سے زیادہ اداکار ہیں جن کو ہر مرتبہ کرکٹ ٹیم میں شامل کر کے پاکستانی قوم کے ساتھ زیادہ کی جاتی ہے۔ بہت اچھا ہوتا کہ ان اداکاروں کو بہت پہلے ہی ٹیم سے نکال دیا جاتا لیکن پھر خیال آتا ہے کہ ان کے بعد ٹیم میں بچے گا کیا؟ جو نہ پہلے کبھی کامیاب رہے ہیں اور نہ آئندہ کبھی کارنامہ انجام دے سکتے ہیں۔ ہمارے بچوں کو قرآن پڑھانے کے لیے قاری محمد افضل صاحب تشریف لاتے ہیں، کالم لکھتے ہوئے مجھے دیکھ کر انہوں نے پنجابی زبان میں فرمایا کہ لودھی صاحب آپ میری جانب سے لکھ دیں کہ "جنے پہلے چھتر کھالے نیں۔ اونے ہور چھتر کھان لئی نیوزی لینڈ جارے نیں"۔ (مطلب اپنے ملک میں کھیلتے ہوئے تو تم بری طرح ہار چکے ہو۔ اب نیوزی لینڈ میں جا کر بھی کونسی توپ چلاؤ گے۔؟)۔ "پھر انہوں نے مزید فرمایا کہ ٹیم پوری قوم کی نمائندگی کرتی ہے، جب کوئی ٹیم شکست سے ہمکنار ہوتی ہے تو پوری قوم کے چہرے لٹک جاتے ہیں"۔ لیکن ٹیم کے کوچ عاقب جاوید فرماتے ہیں کہ شکست کی وجہ سے اگر پاکستانی قوم منڈھال ہے تو ٹیم کے کھلاڑی بھی سخت نادم اور دل برداشتہ ہیں لیکن عاقب جاوید کی یہ بات اس وقت غلط ثابت ہوتی ہے جب نسیم شاہ پیپسی کولا کی ایڈورٹائزمنٹ میں چشمہ پہن کر قہقہے لگاتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔ ابھی نسیم شاہ کے قہقہے دیکھ کر میں پریشان ہوتا ہوں تو برادر ع





آئی سی سی کے صدر جے شاہ نے نو مارچ کو دبئی میں چیمپئنز ٹرافی کے فاتح روہت شرما کو ٹرافی دی) اے ایف پی(



آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی جیتنے کے بعد ویراٹ کوہلی ونگ جیکٹ پہنتے ہوئے) اے ایف پی(

90 کی دہائی کے سابق کرکٹر نے میرا کیریئر تباہ کرنے کی بھرپور کوشش کی

پاکستان کے سابق لیفٹ آرم پیسر محمد عامر نے وقت سے پہلے ہی ریٹائرمنٹ کی وجہ بتادی

لاہور (میاں شہروز سے) پاکستان کے سابق لیفٹ آرم پیسر محمد عامر نے وقت سے پہلے ہی کیوں ریٹائرمنٹ لے لی، سابق کرکٹر نے اس حوالے خود بڑا انکشاف کردیا۔ چیمپئنز ٹرافی کے حوالے نجی ٹی وی کے پروگرام میں شریک محمد عامر نے اظہار خیال کرتے ہوئے ماضی کے حوالے سے بتایا کہ ان کے ساتھ کس طرح ناانصافیاں ہوئیں، انھوں نے بتایا کہ پاکستان ٹیم نے نیوزی لینڈ جانا تھا، کووڈ کا وقت تھا، 40 لڑکے گئے تھے میرا نام نہیں آیا تھا۔ محمد عامر نے بتایا کہ پی ایس ایل ابھی اسٹارٹ ہوئی تھی ٹیم کا انھوں نے پہلے ہی اعلان کردیا تھا کہ کہیں عامر اور ملک وغیرہ پرفارم نہ کردیں اور انھیں لے کر نہ جانا پڑے۔ سابق کرکٹر محمد عامر نے نام لیے سابق ہیڈ کوچ وقار یونس کو من مانیاں کرنے پر تنقید کا نشانہ بنایا، ان کا یہ بھی ماننا تھا کہ 90 کی دہائی کے سابق کرکٹر نے انکا کیریئر تباہ کرنے کی بھرپور کوشش کی۔ لیفٹ آرم پیسر نے کہا کہ اس سال میں نے کراچی کنگز کیلیے سپر اوور کیا اور کراچی کی ٹیم فائنل میں بھی پہنچ گئی۔ محمد عامر نے کہا کہ کوچنگ اسٹاف میں سے ایک کا تعلق بھی 90 کی دہائی سے تھا، ہر کوئی اِن صاحب سے پوچھ رہا تھا کہ آپ عامر کو نیوزی لینڈ نہیں لے جارہے، وہ 40 رکنی اسکواڈ میں نہیں ہے، وہ پرفارم کررہا ہے۔ سابق کوچ نے ٹالنے کے لیے کہا کہ وہ ہمارے پلان میں ہے لیکن اسے ابھی تھوڑا ٹائٹ رکھنا ہے، اسے بعد میں دیکھیں گے۔

چیمپئنز ٹرافی کی فاتح ٹیم کا حصہ ہونا میرے لیے بہت بڑا اعزاز ہے، رویندرا جڈیجا

دبئی (این این آئی) بھارتی ٹیم کے کھلاڑی شریاس ائیر نے کہا ہے کہ مجھے دباؤ میں کھیلنا پسند ہے۔ دبئی میں کھیلے جانے والے انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) چیمپئنز ٹرافی کے فائنل میں فتح کے بعد بھارتی کھلاڑیوں نے میڈیا سے گفتگو کی۔ شریاس ائیر نے کہا کہ میرے لیے یہ آئی سی سی کی پہلی ٹرافی جیتنا بہت بڑا لمحہ ہے، مجھے دباؤ میں کھیلنا پسند ہے، خوشی ہے میری پرفارمنس بھی کام آئی۔ اس موقع پر رویندرا جڈیجا کا کہنا تھا کہ چیمپئنز ٹرافی کی فاتح ٹیم کا حصہ ہونا میرے لیے بہت بڑا اعزاز ہے۔

عمر اکمل کو کیسے بلیک میل کیا گیا؟ کامران اکمل کا بڑا دعویٰ

عمر اکمل کو ٹیسٹ میچ میں زبردستی وکٹ کیپنگ کرنے کا کہا جاتا تھا' انکار کیا تو اسے بھی سائڈ لائن کیا گیا

کراچی (این این آئی) سابق وکٹ کیپر کامران اکمل نے کہا ہے کہ عمر اکمل کو بلیک میل کیا گیا کہ وکٹ کیپنگ نہیں کریں گے تو ٹیم میں نہیں ہوں گے۔ ایک ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہمارے متعلق کہا گیا تھا کہ 2 بھائیوں کو ایک ساتھ ٹیم میں نہیں ہونا چاہیے ہم بھائی کھیلے اور ٹیم میں پرفارم کرکے بھی دکھایا، ایک بھائی کو ٹیم سے نکالا اور دوسرے کو کہا زبردستی وکٹ کیپنگ کریں۔ کامران اکمل کا کہنا تھا کہ عمر اکمل کو ٹیسٹ میچ میں زبردستی وکٹ کیپنگ کرنے کا کہا جاتا تھا عمر اکمل نے وکٹ کیپنگ سے انکار کیا تو اسے بھی سائڈ لائن کیا گیا، عمر اکمل سے انکار کے باوجود زبردستی وکٹ کیپنگ کرائی گئی۔ سابق ٹیسٹ کرکٹر نے کہا کہ سرفراز کو بھی ورلڈ کپ 2015 میں نہیں لے جانا چاہتے تھے سرفراز احمد کو ورلڈ کپ میں نہ لے جانے کیلیے ایشو بنایا گیا۔ عمر اکمل کو ٹیسٹ میچ میں زبردستی وکٹ کیپنگ کرنے کا کہا جاتا تھا' انکار کیا تو اسے بھی سائڈ لائن کیا گیا۔ چیمپئنز ٹرافی فائنل سے متعلق ان کا کہنا تھا کہ نیوزی لینڈ نے ٹاس جیت کر بیٹنگ کا اچھا فیصلہ کیا نیوزی لینڈ شروع کے 8 اوور میں اچھے رنز ملے لیکن جلدی وکٹیں گریں جس سے وہ سنبھل نہ پائے، نیوزی لینڈ کو 270 سے 280 تک اسکور کرنا چاہیے تھا بھارت نے بالرز کا بہترین طریقے سے استعمال کیا۔ عمر اکمل کو ٹیسٹ میچ میں زبردستی وکٹ کیپنگ کرنے کا کہا جاتا تھا' انکار کیا تو اسے بھی سائڈ لائن کیا گیا

پاکستانی ٹیم ڈیوس کپ کے لیے ملائیشیا پہنچ گئی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستانی ٹیم 10 سے 15 مارچ تک شیڈول آئی ٹی ایف ٹورنامنٹ میں شرکت کے لیے ملائیشیا کے شہر کپنگ پہنچ گئی ہے۔ پاکستان کو ترکمانستان اور عراق کے ساتھ گروپ سی میں رکھا گیا ہے۔ ٹورنامنٹ کو سات گروپس میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ٹورنامنٹ کے لیے قومی اسکواڈ میں شہزاد خان (کپتان)، میکائل علی بیگ، ابوبکر طلحہ اور حمزہ رومان شامل ہیں۔ پاکستان ٹینس فیڈریشن (پی ٹی ایف) کے صدر اعصام الحق قریشی نے ٹیم کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے ڈیوس کپ جونیئرز کی سالانہ آئی ٹی ایف ایونٹ کے طور پر اہمیت کو اجاگر کیا اور ٹیم کی صلاحیتوں پر اعتماد کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہماری ٹیم باصلاحیت کھلاڑیوں پر مشتمل ہیں، ہم ٹورنامنٹ جیتنے اور اگلے مرحلے کے لیے کوالیفائی کرنے کے لیے پرامید ہیں۔ پی ٹی ایف کے سیکرٹری جنرل کرنل (ر) ضیاء الدین طفیل نے بھی اپنی نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ ٹیم نے بھرپور تیاری کی ہے اور توقع ہے کہ وہ ٹورنامنٹ میں شاندار کارکردگی پیش کرے گی۔ ٹورنامنٹ کے میچز کل پیر سے شروع ہوں گے۔ قومی اسکواڈ میں شہزاد خان (کپتان)، میکائل علی بیگ، ابوبکر طلحہ اور حمزہ رومان شامل

آئیگا سویٹیک ڈبلیو ٹی اے انڈین ویلز اوپن ٹینس ویمنز سنگلز پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئیں

کیلیفورنیا (این این آئی) پولینڈ کی نامور ٹینس سٹار، سابق عالمی نمبر ون اور ایونٹ کی سیکنڈ سیڈ آئیگا سویٹیک ڈبلیو ٹی اے انڈین ویلز اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں خواتین کے سنگلز مقابلوں کے پری کوارٹر فائنل راؤنڈ میں پہنچ گئیں۔ 23 سالہ پولینڈ کی ٹینس کھلاڑی آئیگا سویٹیک نے خواتین کے سنگلز مقابلوں کے تیسرے میچ میں 24 سالہ یوکرین کی حریف ٹینس کھلاڑی ڈیانا اولیکسنڈر یونا یاسٹریمسکا کو شکست دے کر نہ صرف ڈبلیو ٹی اے ایونٹ سے باہر کردیا بلکہ ٹاپ 16 راؤنڈ کے لئے بھی کوالیفائی کرلیا۔ ڈبلیو ٹی اے کے زیر اہتمام ویمنز ٹینس ٹورنامنٹ کے دلچسپ اور سنسنی خیز مقابلے امریکا کی ریاست کیلیفورنیا میں جاری ہیں۔ ٹورنامنٹ میں خواتین کے سنگلز مقابلوں کے تیسرے راؤنڈ میچ میں 23 سالہ پولینڈ کی نامور ٹینس سٹار، سابق عالمی نمبر ون اور ایونٹ کی سیکنڈ سیڈ آئیگا سویٹیک نے انتہائی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے یوکرین کی حریف ٹینس کھلاڑی ڈیانا اولیکسنڈر یونا یاسٹریمسکا کو سٹریٹ سیٹس میں 6-0 اور 6-2 سے شکست دے کر ایونٹ کے پری کوارٹر فائنل راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کرلیا، جہاں ان کا مقابلہ جمہور یہ چیک کی حریف ٹینس سٹار کیرولینا موچوا سے ہوگا۔

گلین فلپس کے ایک اور ناقابل یقین کیچ نے سب کو حیران کردیا

چیمپئنز ٹرافی فائنل میں ایک بار پھر انھوں نے شمعن گل کا ناممکن کیچ لیا تو شائقین اور بیٹر کو یقین ہی نہ آیا

دبئی (این این آئی) چیمپئنز ٹرافی فائنل کے دوران اڑنے والے کیوی فیلڈر گلین فلپس کے ایک اور شاندار کیچ نے شائقین سمیت کمنٹیٹرز کو بھی حیران کردیا۔ بھارت نے چیمپئن ز ٹرافی کے فائنل میں کامیابی حاصل کی مگر یہ ٹورنامنٹ شاید گلین فلپس کے شاندار اور ناقابل یقین کیچز کی وجہ سے یاد رکھا جائے گا، اڑنے والے کیوی گلین فلپس نے چیمپئنز ٹرافی فائنل میں ایک بار پھر سب کو حیران کیا، انھوں نے شمعن گل کا ناممکن کیچ لیا تو شائقین اور بیٹر کو یقین ہی نہ آیا۔ میچ کے 19 ویں اوور کی چوتھی گیند پر گلین فلپس ہوا میں اڑتے ہوئے گیند پر ایسے جھپٹے کہ شمعن گل حیران رہ گئے اور ان کی طرف دیکھتے رہے۔ کیوی اسپنر مچل سینٹنر کی گیند پر شمعن گل نے گیند کو کور کی طرف کھیلا، یہ ایک اچھا شاٹ تھا اور انھوں نے فلپس کے سر کے اوپر سے بال کو گزارنا چاہا تھا، تاہم فلپس شائقین کو حیران کرنے پر تلے ہوئے تھے اور انھوں نے لمحوں میں گیند کو تھام کر ایک اور شاندار کیچ لیا۔ ان کے اس بہترین کیچ کی وجہ سے بھارتی اوپننگ شراکت کا اختتام ہوا، شمعن گل 50 بالز پر 31 رنز بنا کر پویلین لوٹے۔ خیال رہے کہ چیمپئنز ٹرافی کے دبئی میں ہونے والے فائنل میں بھارت نے نیوزی لینڈ کو 4 وکٹوں سے شکست دے کر تیسری بار ٹائٹل اپنے نام کیا۔

چیمپئنز ٹرافی جیتنے کے فوری بعد ہی کوہلی نے بڑا بیان دیدیا

جب آپ جارہے ہوتے ہیں تو آپ ٹیم کو ایک بہتر جگہ پر چھوڑنا چاہتے ہیں، گفتگو



لاہور: چیئرمنگ ڈائریکٹر این ٹی ڈی سی، انجینئر محمد وسیم یونس و دیگر افسران کا مستقل اور ترقی پانے والے کھلاڑیوں اور کوچز کے ساتھ گروپ فوٹو



لاہور: سیکرٹری سپورٹس پنجاب مظفر خان سیال ترقیاتی سکیموں کے حوالے سے پنجاب اسٹیڈیم میں اہم اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

دبئی (این این آئی) بھارتی بیٹنگ لائن میں ریڑھ کی حیثیت رکھنے والے ویرات کوہلی نے چیمپئنز ٹرافی جیتنے کے بعد ریٹائرمنٹ سے متعلق اشارہ دے دیا۔ اپنے مستقبل کے بارے میں بہت ساری قیاس آرائیوں کے ساتھ، ویرات کوہلی نے اشارہ دیا کہ وہ کچھ عرصے تک ہی ٹیم کے ساتھ رہنے والے ہیں۔ چیمپئنز ٹرافی کی فتح کے بعد گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جب آپ جارہے ہوتے ہیں تو آپ ٹیم کو ایک بہتر جگہ پر چھوڑنا چاہتے ہیں، مجھے لگتا ہے کہ ہمارے پاس ایک اسکواڈ ہے جو اگلے 8 سال تک دنیا کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ حیرت انگیز رہا، ہم آسٹریلیا کے ایک سخت دورے کے بعد اچھی واپسی چاہتے تھے اور ایک بڑا ٹورنامنٹ جیتنا چاہتے تھے، اس لیے چیمپئنز ٹرافی جیتنا شاندار ہے ڈریسنگ روم میں اتنا ٹیلنٹ ہے، وہ اپنے کھیل کو مزید آگے لے جانے کی کوشش کررہے ہیں اور ہمیں مدد کرنے پر خوشی ہے اپنے تجربے کا اشتراک کرنا اور یہی چیز اس ہندوستانی ٹیم کو اتنی مضبوط بناتی ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ہندوستانی اسکواڈ فی الحال اگلے 8 سالوں تک دنیا کے خلاف مقابلہ کرنے کے لئے تیار ہے ہر ایک نے متاثر کن پرفارمنس دی ہے، ہم ایک حیرت انگیز ٹیم کا حصہ رہے ہیں، ہم نے پریکٹس سیشنز میں جتنا کام کیا ہے، یہ بہت اچھا لگتا ہے (جیتنا)۔

مارک کارنی کینیڈا کے نئے وزیراعظم منتخب، ٹرمپ کو کھلا چیلنج دے دیا

حالیہ سروے کے مطابق 43 فیصد کینیڈین شہری مارک کارنی کو ٹرمپ سے نمٹنے کے لیے بہتر لیڈر سمجھتے ہیں

اوٹاوا (این این آئی) کینیڈا کی لبرل پارٹی نے مارک کارنی کو اپنا نیا رہنما منتخب کرلیا، جس کے بعد وہ جلد ہی وزیراعظم جسٹن ٹروڈو کی جگہ سنبھالیں گے۔ کارنی نے انتخاب میں بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کی اور اپنی جیت کے بعد امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے خلاف سخت موقف اختیار کیا۔ سابق بینک آف کینیڈا اور بینک آف انگلینڈ کے گورنر مارک کارنی نے 85.9 فیصد ووٹ حاصل کر کے اپنی مرکزی حریف کرسٹیا فری لینڈ کو شکست دی، جنہیں صرف 8 فیصد ووٹ ملے۔ اپنی جیت کے بعد مارک کارنی نے کہا کہ ڈونلڈ ٹرمپ کینیڈا کے مزدوروں، خاندانوں اور کاروبار کو نقصان پہنچا رہے ہیں اور مزید کہا کہ ہمیں امریکہ پر بھروسہ نہیں رہا۔ ان کا کہنا تھا کہ امریکہ کینیڈا کی زمین، پانی اور وسائل پر قبضہ کرنا چاہتا ہے، اور کینیڈا کو اپنی خودمختاری کے لیے کھڑا ہونا ہوگا۔ کارنی کا وزیراعظم بننا زیادہ دیر تک یقینی نہیں، کیونکہ کینیڈا میں اکتوبر میں عام انتخابات متوقع ہیں، اور حالات کے پیش نظر قبل از وقت انتخابات بھی ہو سکتے ہیں۔ تازہ ترین سروے کے مطابق اپوزیشن کنزرویٹو پارٹی کو معمولی برتری حاصل ہے۔ نتائج کے اعلان سے قبل جسٹن ٹروڈو نے کہا کہ کینیڈا کو اپنے ہمسایہ ملک (امریکہ) کی طرف سے وجودی خطرات کا سامنا ہے۔ مارک کارنی نے اپنی بینکنگ کیریئر کا آغاز گولڈمین ساکس سے کیا تھا، اور بعد میں وہ بینک آف کینیڈا اور بینک آف انگلینڈ کے سربراہ رہے۔ تاہم، وہ کبھی بھی کسی منتخب عہدے پر فائز نہیں رہے، جس کی وجہ سے کچھ ماہرین کے مطابق انتخابی مہم کے دوران ان کی قیادت کا امتحان ہوگا۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ کارنی کا سخت اینٹی ٹرمپ بیانیہ لبرل ووٹرز کو متحرک کرسکتا ہے، لیکن کنزرویٹو پارٹی پہلے ہی ان پر الزامات لگا رہی ہے کہ وہ اپنے مقف میں مستقل مزاج نہیں رہے۔ حالیہ سروے کے مطابق 43 فیصد کینیڈین شہری مارک کارنی کو ٹرمپ سے نمٹنے کے لیے بہتر لیڈر سمجھتے ہیں، جبکہ 34 فیصد پیئر پویلیور کی حمایت کررہے ہیں۔ یہ دیکھنا باقی ہے کہ مارک کارنی کی قیادت میں لبرل پارٹی دوبارہ عوامی مقبولیت حاصل کر پائے گی یا نہیں، کیونکہ ٹروڈو کے استعفی سے پہلے پارٹی کی مقبولیت شدید متاثر ہوچکی تھی۔ کارنی کا وزیراعظم بننا زیادہ دیر تک یقینی نہیں، کیونکہ کینیڈا میں اکتوبر میں عام انتخابات متوقع ہیں، اور حالات کے پیش نظر قبل از وقت انتخابات بھی ہو سکتے ہیں۔ تازہ ترین سروے کے مطابق اپوزیشن کنزرویٹو پارٹی کو معمولی برتری حاصل ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ کارنی کا

اس تصویر میں امریکی شہر شکاگو میں ڈیموکریٹک نیشنل کنونشن کے دوران فلسطین کے حامی اسرائیل کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے) اے ایف پی(

اس تصویر میں غزہ شہر میں رمضان کے کے دوران فلسطینی بچے ایک عمارت کے ملبے پر تصویر کے لیے پوز بنا رہے ہیں) اے ایف پی(

ٹرمپ، وینس اور مسک جلد گرفتار ہوں گے، ٹک ٹاکر کو سوشل میڈیا صارفین نے پاگل قرار دیدیا

ٹک ٹاک انفلوئنسر ڈریگن مین نے اس سے قبل بھی ڈونلڈ ٹرمپ سے متعلق ایک پیشگوئی کی تھی جو غلط ثابت ہوئی تھی

واشنگٹن (این این آئی) بائیں بازو سے تعلق رکھنے والے ٹک ٹاک انفلوئنسر نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ، نائب صدر ڈی جے وینس اور محکمے DOGE کے سربراہ ایلون مسک کی گرفتاری کی پیشگوئی کرکے سوشل میڈیا صارفین کو حیرت میں مبتلا کردیا۔ ٹک ٹاک انفلوئنسر ڈریگن مین نے اس سے قبل بھی ڈونلڈ ٹرمپ سے متعلق ایک پیشگوئی کی تھی جو غلط ثابت ہوئی تھی۔ امریکی صدارتی الیکشن میں پیبلکن امیدوار کی کامیابی کے بعد ڈریگن مین نے کہا ڈونلڈ ٹرمپ کو دوسری مدت کے لیے حلف اٹھانے کے لیے صدارتی محل میں داخل ہونے سے پہلے ہی روک دی جائے گا تاہم ایسا نہ ہوا۔ اس بار ٹک ٹاکر ڈریگن مین نے عیسائیوں کی روحانی کتاب بائبل کی ایک آیت کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ 'غرور تباہی سے پہلے اور تکبر زوال سے پہلے آتا ہے۔ ڈریگن مین کا کہنا تھا امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ، نائب صدر ڈی جے وینس اور DOGE کے سربراہ ایلون مسک بہت جلد گرفتار ہوں گے۔ ڈریگن مین کی نئی پیشگوئی پر سوشل میڈیا صارفین سیخ پا ہیں اور ایک صارف نے تو ڈریگن مین کو پاگل شخص قرار دیا ہے۔ ایک صارف نے لکھا ایسا لگتا ہے کہ اس شخص کی پیشگوئیوں کی کوئی اہمیت

اسرائیل کا غزہ کی بجلی بھی بند کرنے کا فیصلہ، حماس نے بلیک میلنگ قرار دیدیا

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) اسرائیل نے گزشتہ ہفتے غزہ جانے والی امداد روکنے کے بعد اب جنگ زدہ غزہ کی بجلی بھی منقطع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کے مطابق غزہ کی بجلی منقطع کرنے کا اعلان اسرائیلی وزیر توانائی ایلی کو ہین کی جانب سے کیا گیا۔ حماس نے اسرائیلی اقدام کو بلیک میلنگ قرار دیتے ہوئے کہا کہ اسرائیل کی جانب سے غزہ کی بجلی منقطع کرنے کا فیصلہ ناقابل قبول ہے اور اسرائیل ایسا یرغمالیوں کی رہائی کے لیے دباؤ ڈالنے کے لیے کررہا ہے۔ دوسری جانب غزہ میں جنگ بندی معاہدے کے دوسرے مرحلے کی بات چیت کے لیے اسرائیلی وفد آج قطری دارالحکومت دوحا جائے گا۔ اس حوالے سے امریکی سفیر ایڈم بوہلر (Adam Boehler) نے کہا کہ امریکا، حماس بات چیت پر اسرائیل کی تشویش کو سمجھتا ہے مگر یہ ایسا معاہدہ ہوگا جس کیتحت امریکی ہی نہیں تمام یرغمالی رہا ہوسکیں گے۔ اسرائیلی اقدام ناقابل قبول ہے اور اسرائیل ایسا یرغمالیوں کی رہائی کے لیے دباؤ ڈالنے کے لیے کررہا ہے: حماس

برطانیہ' بلڈ پریشر کا نیا علاج، لاکھوں مریضوں کو فائدہ پہنچے گا

لندن (این این آئی) برطانیہ میں بلڈ پریشر کے لیے نیا علاج دریافت کیا گیا ہے جو بنیادی الڈوسٹیرونزم (Aldosteronism) سے وابستہ ہائی بلڈ پریشر کا علاج کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ ٹارگیٹڈ تھرمل تھراپی (ٹی ٹی ٹی) ایک ایسی تکنیک ہے جو جسم میں نمک کو ضرورت سے زیادہ برقرار رکھنے کے ذمے دار نوڈولس کو ختم کرتی ہے۔ اس پیش رفت سے برطانیہ میں تقریباً نصف ملین افراد کو فائدہ ملے گا جو خطرناک حد تک بلند فشارِ خون کا شکار ہیں، بلڈ پریشر کو ہزاروں سالانہ اموات میں حصہ ڈالنے کی وجہ سے اکثر 'خاموش قاتل' بھی کہا جاتا ہے۔ طبی پیشہ ور افراد نے نوڈولس کو ختم کرنے کے لیے ایک طریقہ وضع کیا ہے جو نمک کے جمع ہونے کا سبب بنتے ہیں جس کے نتیجے میں فالج یا ہارٹ اٹیک کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ پرائمری الڈوسٹیرونزم کی تشخیص کرنے والے مریضوں کے پاس روایتی طور پر علاج کے محدود اختیارات ہوتے ہیں جن میں اکثر جراحی یا اسپیرونولاکٹون دوا کی تاحیات ضرورت ہوتی ہے تاکہ سنگین قلبی خطرات کو کم کیا جاسکے۔ ٹی ٹی ٹی ایسی تکنیک ہے جو جسم میں نمک کو ضرورت سے زیادہ برقرار رکھنے کے ذمے دار نوڈولس کو ختم کرتی ہے

آسٹریلیا کی عدالت نے بھارتی کمیونٹی لیڈر بلیش دھانکھر کو متعدد خواتین سے جنسی زیادتی پر 40 سال قید کی سزا سنائی

بی جے پی کے حمایتی کی شرمناک حرکتیں، عالمی سطح پر بھارتی معاشرتی زوال اور ریپ کلچر پر تشویش بڑھتی جارہی ہے' رپورٹس

سڈنی (این این آئی) آسٹریلیا کی عدالت نے بھارتی کمیونٹی لیڈر بلیش دھانکھر کو متعدد خواتین کے ساتھ جنسی زیادتی اور سنگین جرائم میں ملوث پائے جانے پر 40 سال قید کی سزا سنائی ہے۔ بین الاقوامی میڈیا رپورٹس کے مطابق بلیش دھانکھر نے نوکری کے جعلی اشتہارات کا استعمال کرتے ہوئے جنوبی کوریا کی پانچ خواتین کو نشہ آور دوائیں دے کر زیادتی کا نشانہ بنایا۔ 43 سالہ دھانکھر، جو ہریانہ سے تعلق رکھتا ہے، بھارتی بی جے پی کے سیٹلائٹ گروپ کے بانی اور ہندو کونسل آف آسٹریلیا کے ترجمان کے طور پر بھی سرگرم تھا۔ تحقیقات میں معلوم ہوا کہ دھانکھر اپنے متاثرین کو درجہ بندی کرتا تھا اور مستقبل کی جنسی تسکین کے لیے زیادتی کے مناظر ریکارڈ کرتا تھا۔ تمام خواتین کی عمریں 21 سے 27 سال کے درمیان تھیں اور ان میں سے اکثر حملے کے وقت بے ہوش یا نشہ آور ادویات کے زیر اثر تھیں۔ 2023 میں عدالت نے دھانکھر کو 39 سنگین جرائم میں مجرم قرار دیا، جن میں 13 ریپ کے واقعات شامل تھے۔ اس کیس نے بھارت کی بی جے پی حکومت اور مودی سرکار پر بھی سوالات کھڑے کردیے ہیں۔

برطانیہ میں 600 میل طویل برفانی طوفان کی پیشگوئی، شہریوں میں کھلبلی

جنوب مغربی علاقوں، بشمول چیلٹنم اور کوٹسوالڈز میں 1 سینٹی میٹر تک برف پڑنے کا امکان ہے، جو برمنگھم تک پھیل سکتی

لندن (این این آئی) برطانیہ میں معتدل موسم اور ہلکی دھوپ کے بعد اب ماہرینِ موسمیات نے آئندہ ہفتے برفباری کی پیشگوئی کر دی ہے جس سے شہریوں میں کھلبلی مچ گئی ہے۔ موسمی ماہرین کے مطابق 12 مارچ کو ملک بھر میں ہلکی برفباری متوقع ہے۔ دوپہر کے وقت جنوب مغربی علاقوں، بشمول چیلٹنم اور کوٹسوالڈز میں 1 سینٹی میٹر تک برف پڑنے کا امکان ہے، جو برمنگھم تک پھیل سکتی ہے۔ مقامی میڈیا کے مطابق برمنگھم سے مانچسٹر کے قریب سے گزرتے ہوئے ایڈنبرا تک برفباری کا امکان ہے، نارتھ پینائنز میں 2 سینٹی میٹر تک برف پڑسکتی ہے، ویلز کے زیادہ تر علاقے متاثر ہوں گے جبکہ پیمبروک شائر میں برفباری کا امکان کم ہے اور اسکاٹ لینڈ کے مشرقی حصے زیادہ تر محفوظ رہیں گے۔ 14 مارچ کی صبح 6 بجے مزید برفباری کا امکان ہے، جو جنوب مغربی انگلینڈ کے ایگزیٹر کے شمالی علاقوں، جنوبی ویلز، کوٹوی، ڈینبیگ شائر، پیک ڈسٹرکٹ اور نارتھ پینائنز کو متاثر کرسکتی ہے، جبکہ سب سے زیادہ برفباری اسکاٹش ہائی لینڈز میں متوقع ہے۔ ? موسمی ماہرین کے مطابق یہ برفباری شدید نہیں ہوگی بلکہ ہلکی برفانی ہواؤں کے ساتھ چند سینٹی میٹر برف پڑنے کا امکان ہے تاہم، شہریوں کو محتاط رہنے اور موسمی حالات پر نظر رکھنے کی ہدایت کی گئی ہے۔



جنوبی غزہ کے شہر خان یونس میں ایک نوجوان لڑکا تباہ حال محلے میں کھڑا ہے) اے ایف پی(



پاکستان کے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار) بائیں سے دوسرے (آٹھ مارچ 2025 کو جدہ، سعودی عرب میں فلسطین پر اسلامی تعاون تنظیم) او آئی سی (کی خصوصی کانفرنس کے موقع پر بنگلہ دیش کے مشیر برائے خارجہ امور توحید حسین) دائیں سے تیسرے (سے ملاقات کررہے ہیں) پاکستان کا دفتر خارجہ(

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

مختلف فیکٹریوں کے 45 عدد ورکروں کو جہیز فنڈز کی مد میں انھیں چیک جاری کروا دیئے

ایڈوائزر محتسب اعلیٰ نے اپنے عملہ کے ہمراہ بھرپور کوششوں سے کئی کئی سالوں سے شادی فنڈز کے زیر التوا کیسوں کو پایہ تکمیل تک پہنچاتے ہوئے انھیں نپٹا دیا





شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) محتسب اعلیٰ پنجاب محترمہ عائشہ حامد کی خصوصی ہدایات پر ریجن شیخوپورہ آفس کے ایڈوائزر محتسب اعلیٰ نے اپنے عملہ کے ہمراہ بھرپور کوششوں سے کئی کئی سالوں سے شادی فنڈز کے زیر التوا کیسوں کو پایہ تکمیل تک پہنچاتے ہوئے انھیں نپٹا کر پنجاب حکومت سے لیبر ڈیپارٹمنٹ کے ذریعے شیخوپورہ میں قائم مختلف فیکٹریوں کے 45 عدد ورکروں کو جہیز فنڈز کی مد میں انھیں چیک جاری کروادیئے۔اس بات کا انکشاف ریجن شیخوپورہ کے ایڈوائزر محتسب اعلیٰ ملک محمد اسلم نے اسسٹنٹ ڈی او انفارمیشن آفیسر شیخوپورہ محمد شہروز اکبر خان کے ہمراہ ''' میٹ دی پریس''' پروگرام کے دوران صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ملک محمد اسلم نے مذید بتایا کہ شیخوپورہ کے فیکٹری ورکروں کو شادی فنڈز کی مد میں دی جانے والی 1 کروڑ 35 لاکھ روپے کی رقم کا ملنا پنجاب محتسب اعلیٰ محترمہ عائشہ حامد کی انتھک محنت اور انسانیت کی خدمت کے جذبے سے بھرپور کوششوں کا نتیجہ ہے جس کے ملنے پر مختلف فیکٹریوں کے ورکروں کی طرف سے جہیز فنڈ کے لیے دی جانیوالی درخواست گذار ورکروں کے چہرے خوشی سے کھل اٹھے ہیں۔

نادار مستحق ومفلس خاندان کی قرض کشائی کرنا بھی نیکی ہے۔طاہر مجید کپور

اپنے گردونواح میں بے سہارا فیملیز کی چھپ کر کفالت کرنا چاہیئے۔Ceo کپورانٹرنیشنل



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عمار جاوید) رمضان المبارک کے دوران نیک اعمال و مفلس و نادار لوگوں کی کفالت اور چپکے سے انکا ادھار چکا دینا بھی نیکی ہے۔ پریشان حال لوگوں کی قرض کشائی سے انکی زندگی میں سہولت اور آسانی پیدا ہوسکتی ہے جو پیارے رسول اللہ کی سنت بھی ہے اور اللہ تعالیٰ کے ہاں مقبول بھی۔ ان باتوں کا اظہار ایکسپورٹ سٹی سیالکوٹ کی انتہائی انسان دوست نرم خو شخصیت طاہر مجید کپور آف کپور پرائیویٹ انٹرنیشنل نے ایک فکری نشست کے دوران کیا۔انہوں نے کہا کہ کوشش کرکے حقدار و پریشان حال انسانیت کی چھپ کر امداد کی جائے۔ ہوشربا مہنگائی کے ستائے عام عوام ہمارے اردگرد قرب و جوار میں ہوتے ہیں کیوں بے سہارا فیملیز کیلئے گروسری کے بل ادا کرنے کی سکت نہیں وہ دوکانداروں کے قرضہ سے پریشان ہوتے ہیں ان کی نشاندہی کرکے ان کے بل ادا کرکے چپکے سے انہیں مطلع کرنے سے انہیں سہولت اور صاحب استطاعت کو سکون قلب وثواب کا حصول ہوتا ہے۔

نارنگ پولیس اور وفاقی سکیورٹی ادارے کا جرائم پیشہ افراد کے خلاف سرچ آپریشن

دو اشتہاریوں اور منشیات فروشوں سمیت 10 گرفتار: ناجائز اسلحہ برآمد: پولیس

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) نارنگ پولیس اور وفاقی سکیورٹی ادارے کا سرچ آپریشن دو اشتہاریوں اور منشیات فروشوں سمیت متعدد ملزمان گرفتار ناجائز اسلحہ بھی برآمد مقدمات درج ایس ایچ او تھانہ نارنگ انسپکٹر سید ظہیر عالم شاہ نے سٹی پریس کلب کو تفصیلات دیتے ہوئے بتایا کہ گزشتہ رات وفاقی سکیورٹی ادارے کی معاونت سے سرچ آپریشن کیا گیا جس میں تقریبا 2 کلو چرس اور ناجائز اسلحہ رائفل پسٹل بندوق گولیاں کارتوس برآمد کرکے 10 ملزمان کو گرفتار کیا گیا ہے جس میں 2 اشتہاری بھی شامل ہیں علاقہ نارنگ کو جرائم سے پاک کرنے کا عزم ہے جس کیلئے تیزی سے عملدرآمد جاری ہے ٹارگٹ حاصل کرنے کے قریب ہیں ڈی پی او شیخوپورہ بلال ظفر شیخ کی دن رات تگ و دو سے ضلع بھر میں جرائم میں 35 فیصد کمی آئی ہے جو پنجاب پولیس کی بہترین کارکردگی کا منہ بولتا ثبوت ہے منشیات فروشی ڈکیتی چوری کی وارداتوں میں بہت حد تک کمی آئی اور ضلع شیخوپورہ میں تھانہ نارنگ کرائم کے حوالے سے آخری نمبروں پر آیا جرائم پیشہ افراد سے میری جنگ ہے جو جاری رہے گی۔

میاں حافظ سلیم اختر سکھیرا نے اپنے ڈیرے پر افطاری کا اہتمام



دیپالپور (زاہد عمران خان بجوعہ) دیپالپور کا گاؤں لکڑ آوالا والا کی دائیں آبادی جھنڈ والا میں میاں حافظ سلیم اختر سکھیرا نے اپنے ڈیرے پر افطاری کا اہتمام کیا جس پر سیاسی اور سماجی شخصیت اور اہل علاقے کے لوگوں نے شرکت کی جس میں مہمان خصوصی راؤ سعد اجمل خان سابق ایم پی اے والا میاں لطیف سکھیرا مرزا جاوید محمل میاں نہریل لرڈ زاہد عمران خان بجوعہ راؤ طلعت یاسین نہراں والا میاں اسمٰعیل سکھیرا میاں ذوالفقار سکھیرا میاں خرم مختیار جھنڈا نہراں والا محمد عثمان بجوعہ حاجی عبد کمید آرائیں اور بہت سی سکھیرا برادری نے شرکت کی افطاری کے بعد نماز اور دعا کی گئی اللہ پاک سب مسلمانوں کو اپنے حفظ وامان میں رکھے

اے ایس آئی کی فوری کارروائی، کمسن بچے سے بدفعلی کی کوشش ناکام، ملزم گرفتار

متاثرہ بچے کے اہل خانہ نے واقعے کی اطلاع دی، جس پر اے ایس آئی محمد ظفر نے فوری ایکشن لیتے ہوئے ملزم کو گرفتار کرلیا



فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) تھانہ گڑھ کے اے ایس آئی محمد ظفر نے مستعدی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پانچ سالہ بچے سے بدفعلی کی کوشش کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے مقدمہ نمبر 176/25 درج کر کے قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا تفصیلات کے مطابق، متاثرہ بچے کے اہل خانہ نے واقعے کی اطلاع دی، جس پر اے ایس آئی محمد ظفر نے فوری ایکشن لیتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزم کو سخت قانونی سزا دلوانے کے لیے تمام شواہد اکٹھے کیے جا رہے ہیں۔علاقہ مکینوں نے پولیس کی بروقت کارروائی کو سراہتے ہوئے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ایسے درندہ صفت عناصر کے خلاف سخت سے سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ آئندہ ایسے واقعات کا سدباب ہو سکے۔ سیاسی سماجی حلقوں نے اے ایس آئی ظفر کے خراج تحسین پیش کیا ہے اور کہا کہ انھوں نے ہمیشہ اپنے فرائض منصبی نہایت ایمانداری سے سرانجام دیے ہیں

ام المومنین حضرت سیدہ خدیجہ الکبری نے اپنے مال اور اولاد سے اسلام کی آبیاری فرمائی: محمد افضل منشاء

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) پیپلز مین مرکزی انجمن تاجران اور سٹی صدر مسلم لیگ ن محمد افضل منشاء نے کہا ہے کہ ام المومنین حضرت سیدہ خدیجہ الکبری نے اپنے مال اور اولاد سے اسلام کی آبیاری فرمائی، اسلام اور اہل اسلام حضرت خدیجہ الکبری کے احسانات تاقیامت یاد رکھیں گے اسلام اور بانی اسلام کی خاطر ہر مصیبت کو خندہ پیشانی سے برداشت کیا، قیامت خیز لمحات اور آزمائش کی گھڑیوں میں اسلام کی خاتون اول ام المومنین نے صبر و استقامت کا مظاہرہ کیا، محسنہ اسلام کی وفات کو سرکار دو عالم نے غم کا سال قرار دیا، آپ نے اپنی تمام دولت حضور ﷺ کے قدموں میں نچھاور کر دی حسن سیرت اعلیٰ اخلاق، بلند کردار، شرافت و مرتبے کی وجہ سے مکہ مکرمہ اور ارد گرد میں طاہرہ کے خوبصورت اور پاکیزہ لقب سے مشہور تھیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ام المومنین حضرت سیدہ خدیجہ الکبری کی اسلام کیلئے خدمات کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے کیا محمد افضل منشاء نے کہا حضرت سیدہ خدیجہ الکبری کی ترویج دین اور اشاعت اسلام کے حوالے سے لازوال اور بے مثال قربانیاں تاریخ اسلام کا روشن باب ہیں

ڈاکٹر یاسمین راشد سمیت کئی خواتین ابھی بھی جیلوں میں بند ہیں: رضیہ بھٹی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کی رہنما دختر چنیوٹ اسپر جمہوریت رضیہ سلطانہ بھٹی نے اپنے بیان میں کہا کہ بانی چیئرمین عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی، ڈاکٹر یاسمین راشد سمیت کئی خواتین ابھی بھی جیلوں میں بند ہیں، انکا صرف اتنا قصور ہے کہ وہ اپنے کپتان عمران خان اور پارٹی کے ساتھ ڈٹ کر کھڑی رہی بشریٰ بی بی گھریلو خاتون ہے انکو صرف اسلیے ذلیل وخوار کیا جارہا ہے کہ وہ عمران خان کی اہلیہ ہے، ان پر جھوٹے بے بنیاد مقدمات بنائے گئے ہیں۔ڈاکٹر یاسمین راشد بزرگ خاتون اور کینسر کی مریضہ ہے، وہ ڈٹ کر اپنے کپتان عمران خان کے ساتھ کھڑی ہے، اور فسطائیت کا مقابلہ کررہی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ چیف آرگنائزر پنجاب عالیہ حمزہ پنجاب میں اچھی کمپین چلا رہی ہے، پارٹی عہدیداران اور کارکنان کو متحرک کر رہی ہے، بانی چیئرمین عمران خان نے اسکو یہ ذمہ داری اس لیے سونپی، کہ وہ ڈٹ کر کھڑی رہی جیل کی صعوبتیں برداشت کی لیکن جھکی نہیں، ہمت نہیں ہاری۔رمضان المبارک کے بعد بہت بڑی تحریک کا آغاز ہونے جارہا ہے۔

درود شریف کی بہت بڑی فضیلت ہے: مفتی نوید اقبال چشتی

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) درود شریف کی بہت بڑی فضیلت ہے درود شریف کی کثرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قربت خوشنودی خداوندی کا زریعہ ہے مفتی نوید اقبال چشتی تفصیلات کے مطابق مرکزی جامع مسجد نور مصطفیٰ پرانے ہسپتال والی میں ماہانہ محفل درود وسلام ختم گیارہویں شریف اور افطاری کا اہتمام کیا گیا جس میں 313 بار بدیہ درود شریف پڑھا گیا جس میں تلاوت قرآن پاک قاری محمد جعفر بدیہ نعت شریف عمران سہروردی حاجی منیر قادری صاحبزادہ سعید احمد انصاری صدر مصطفائی تحریک اور خصوصی خطاب علامہ مفتی محمد نوید اقبال چشتی نے کیا آپ نے فضائل درود و سلام اور شان رمضان بیان کی شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ درود شریف کی کثرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قربت خوشنودی خداوندی کا زریعہ ہے درود شریف کی کثرت سے دلوں کا زنگ اتر جاتا ہے محفل پاک میں خصوصی شرکت پیر شفیق محمدی سیفی علامہ عبد الخالق سلطانی نوجوان صحافی حافظ محمد نوید کمبوہ و دیگر نے نی محفل پاک کے اختتام پر لنگر غوثیہ بھی کروایا گیا۔

ہیر سیلون کی افتتاحی تقریب: محمد اویس کی کامیاب شروعات

فیصل اباد (ملک بشیر احمد) ایسٹ کنال روڈ عسکری بینک نیر بیٹ بائی ٹی پیزا شاپ کے ساتھ: شہر کے معروف علاقے میں محمد اویس کے نئے ہیر سیلون کا شاندار افتتاح کیا گیا جس میں متعدد اہم شخصیات نے شرکت کی۔ اس شاندار تقریب میں ساجد، طلحہ، مدثر، شہریار، حمزہ، سفیان، رانا، نبیل، عزیب، رضا، داؤد، علی رضا، اویس، امین بھٹی، ارشد، امین، حسنین، شمس اور جنید جیسے معروف افراد نے اپنی موجودگی سے تقریب کو چار چاند لگا دیے۔ محمد اویس، جو اس سیلون کے بانی اور مالک ہیں، نے اس موقع پر حاضرین کو اپنے سیلون کی جدید ترین سہولتوں اور خدمات سے آگاہ کیا۔ سیلون کی خاص بات اس کا جدید ڈیزائن اور ماہر سٹائلسٹس کی ٹیم ہے، جو ہر گاہک کو خصوصی توجہ دینے کے لئے تیار ہے۔ افتتاحی تقریب میں اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ یہ سیلون نہ صرف خوبصورتی اور ہیئر اسٹائلنگ میں بہترین خدمات فراہم کرے گا بلکہ اس کے ذریعے شہر کے لوگوں کو ایک نئی اور منفرد تجربے کی پیشکش کی جائے گی۔ تقریب میں شریک تمام افراد نے محمد اویس کی اس کامیاب کوشش کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور اس کی کامیابی کے لئے دعا کی۔ ان شخصیات نے اس موقع پر سیلون کی خوبصورتی اور مہارت کا بھی بھرپور اعتراف کیا۔

ملزمان بجلی چوری کرتے پکڑے گئے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی)) ملزمان بجلی چوری کرتے پکڑے گئے۔آڈھا کا محمد ندیم مین تار سے ڈائریکٹ بجلی چوری کرتے پکڑا گیا محلہ طارق آباد کا سلمان گھریلو میٹر کمرشل استعمال کر رہا تھا سوہاوہ میں محمد قدیر گھریلو میٹر کمرشل استعمال کر رہا تھا محلہ اسلام پورہ کا محمد عدنان ڈائریکٹ تار لگا کر بجلی چوری کر رہا تھا

جہلم وگردونواح میں قائم یوٹیلیٹی سٹورز پر سبسڈی نہ ملنے کی وجہ سے صارفین کا رش نہ ہونے کے برابر

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم وگردونواح میں قائم یوٹیلیٹی سٹورز پر سبسڈی نہ ملنے کی وجہ سے صارفین کا رش نہ ہونے کے برابر، غریب نادار سفید پوش طبقہ سے تعلق رکھنے والے شہری پریشان، وفاقی حکومت سے رمضان المبارک میں جہلم سمیت ملک بھر کے یوٹیلیٹی سٹورز پر سبسڈی دینے کا مطالبہ، حکومت کی جانب سے یوٹیلیٹی سٹورز پر سبسڈی نہ ملنے کے باعث سٹورز پر رش نہ ہونے کے برابر ہے شہریوں نے وفاقی حکومت کے اس اقدام کیخلاف احتجاج کرتے ہوئے وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف سے مطالبہ کیا ہے کہ یوٹیلیٹی سٹورز پر اشیا خورد ونوش کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات کیے جائیں اگر ایسا نہ کیا گیا تو یوٹیلیٹی سٹورز مکمل طور پر بند ہو جائینگے۔

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر اسپتال میں شوگر ویکسین نایاب

جہلم (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر اسپتال میں شوگر ویکسین نایاب، روز درجنوں مریض واپس جا رہے ہیں، روز دارسارا دن روزے کی حالت میں لائنوں میں کھڑے دھکے دیتے ہیں مریض اور انکے لواحقین سراپا احتجاج ارباب اختیار سے نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق جہلم کے شہریوں نے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ روزہ رکھ کر علی الصبح شوگر کی ویکسین لینے کے لیے اسپتال کا عملہ لائنوں میں کھڑا کر دیتا ہے اس طرح روزے کی حالت میں پورا دن کھڑا رکھنے کے بعد بتایا جاتا ہے کہ ویکسین ختم ہو چکی ہے جو کہ بزرگ شہریوں اور روزہ داروں کے ساتھ سخت زیادتی کے مترادف ہے مریضوں اور انکے لواحقین نے وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف چیف سیکرٹری پنجاب سیکرٹری صحت سے مطالبہ کیا ہے کہ ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر اسپتال میں شوگر کے مریضوں کے لیے ویکسین مہیا کی جائے۔

مسلح نامعلوم ڈاکوؤں نے ناکہ لگا کر گن پوائنٹ پر تیس افراد سے ہزاروں روپے نقدی، موبائل فون اور موٹر سائیکل چھین کر فرار ہو گئے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) تھانہ صدر رینالہ خورد کی حدود میں آتشیں اسلحہ سے مسلح نامعلوم ڈاکوؤں نے ناکہ لگا کر گن پوائنٹ پر تیس افراد سے ہزاروں روپے نقدی، موبائل فون اور موٹر سائیکل چھین کر فرار ہو گئے۔اطلاع ملنے پر پولیس تھانہ صدر رینالہ خورد نے موقع پر پہنچ کر کاروائی کا آغاز کر دیا ہے۔



ڈاکٹر سیف اللہ وڑائچ ہسپتالوں میں کوالٹی سروسز کے لیے پر عزم

سی ای او ہیلتھ نے ٹی ایچ کیو ہسپتال رینالہ خورد کے مختلف وارڈز میں طبی سہولیات کا جائزہ لیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی ڈاکٹر سیف اللہ وڑائچ نے ایمرجنسی میں رسپانس ٹائم کی بہتری اور انڈور وارڈز میں مزید بہتری کی ہدایات بھی جاری کیں،



انہوں نے ہسپتالوں میں کوالٹی سروسز کے لیے پر عزم، سی ای او ہیلتھ نے ٹی ایچ کیو ہسپتال رینالہ خورد کے مختلف وارڈز میں طبی سہولیات کا جائزہ لیا اور مختلف شعبوں میں مزید بہتری کے لیے ہدایات جاری کیں، انہوں نے مریضوں سے دستیاب طبی سہولیات اور مفت ادویات بارے استفسار کیا، انہوں نے ہسپتال میں دواؤں کا سٹاک چیک کیا اور صفائی ستھرائی کے امور کا جائزہ لیا، اس موقع پر سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر سیف اللہ وڑائچ نے کہا کہ سرکاری ہسپتالوں کے مختلف شعبوں میں بہتری کے لیے تبدیلیاں کر کے کوالٹی سروسز کو مزید بہتری کی جانب گامزن کیا جا سکتا ہے، حکومت پنجاب کی گائیڈ لائنز کے مطابق سرکاری ہسپتالوں میں کوالٹی سروسز کو مدنظر رکھتے ہوئے مزید بہتر انتظامات دور حاضر کی اہم ضرورت ہیں۔

ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 9 لاکھ سے زائد مالیت کا مال مسروقہ برآمد ہوا



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن ''کرائم فری پنجاب'' کے تحت ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ایس ایچ او تھانہ صدر سب انسپکٹر سیف اللہ، اے ایس آئی عامر الطاف نے ٹیم کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے ڈکیت گینگ کے دو ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 9 لاکھ سے زائد مالیت کا مال مسروقہ برآمد ہوا۔ گرفتار ملزمان پولیس نے ڈکیتی، چوری، راہزنی و دیگر مقدمات میں مطلوب تھے۔ گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش کا عمل جاری ہے۔ اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ شہریوں کی جان و مال کی حفاظت یقینی بنانے کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں۔ ہیومن ریسورس، جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے مختلف جرائم میں ملوث ملزمان کو گرفتار کیا جا رہا ہے۔ آپ کے علاقہ میں جرائم پیشہ عناصر کی موجودگی کی صورت میں قریبی پولیس سٹیشن یا 15 پر اطلاع دیں۔

ڈسٹرکٹ کوارڈینیشن کمیٹی کا خصوصی اجلاس منٹگمری ہال میں منعقد ہوا

ساہیوال (مہر اے ڈی کیس پرا سے) ڈسٹرکٹ کوارڈینیشن کمیٹی کا خصوصی اجلاس منٹگمری ہال میں منعقد ہوا جس کی صدارت ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود نے کی۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا طاہر الرحمن، اے ڈی سی ریونیو کیپٹن (ر) اسامہ مجید، اے ڈی سی جنرل نیاز احمد مغل، اسسٹنٹ کمشنرز ساہیوال اور چیچہ وطنی رانا اورنگزیب، وحید حسن گوندل قومی اداروں کے عہدیداران اور ضلعی افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں تعلیمی اداروں میں آس کے بڑھتے ہوئے استعمال پر گہری تشویش کا اظہار کیا گیا اور نوجوانوں کو نشہ آور اشیاء فروخت کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن کی ہدایت کی گئی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ نوجوانوں میں صحت مندانہ سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لئے مختلف پروگرامز کا انعقاد کیا جائے گا تاکہ انہیں اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے مواقع ملیں اور ان میں پاکستانیت کے جذبات بھی اجاگر ہوں۔

گلوبل یونین آف جرنلسٹس گوجرانوالہ کی نگران کمیٹی کا اہم ترین اجلاس

اس اجلاس میں الیکشن کے خدوخال پہ سیر حاصل بحث کی گئی

گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) گلوبل یونین آف جرنلسٹس گوجرانوالہ کی نگران کمیٹی کا اہم ترین اجلاس گزشتہ روز سیکرٹریٹ آفس سیٹلائٹ ٹاؤن میں منعقد ہوا۔ اس اجلاس میں الیکشن کے خدوخال پہ سیر حاصل بحث کی گئی۔ اجلاس کے شرکاء میں نگران کمیٹی کے اراکین ڈاکٹر محمد الیاس بٹ، نوید بخاری اور مرزا اطہر سلطان مغل شامل تھے۔ جبکہ سینئر صحافی محمد انور رانا اور محمد پرویز مغل نے اجلاس میں بطور مشیر خصوصی شرکت کی۔ اجلاس میں الیکشن کے حوالے سے متعدد باتوں پہ اتفاق کیا گیا کہ الیکشن میں رجسٹرڈ الیکشن میں حصہ لینے والے خواہشمند افراد کیلئے پہلی شرط یہ ہے کہ وہ پاکستان اور پاک فوج کی غیر مشروط حمایت کرتا ہو اور اپنی تحریروں سے ثبوت فراہم کرے کہ پاکستان اور پاک فوج کی قربانیوں کا اعتراف کرنے والوں میں شامل ہے اگر کوئی ورکنگ جرنلسٹس ایسا کرنے میں ناکام ہوا تو وہ گلوبل یونین آف جرنلسٹس گوجرانوالہ کے الیکشن میں حصہ لینے کا اہل نہیں ہوگا۔ اسی طرح تنظیم کی بنیادی رکنیت حاصل کرنے کیلئے یہ انتہائی ضروری ہے کہ درخواست گزار حقیقی معنوں میں ورکر صحافی ہو اور فیلڈ میں کام کرتا نظر آتا ہو۔ اچھی شہرت کا حامل ہو اور یونین کی میٹنگ میں متواتر شریک ہو سکے۔ یونین کے اجلاس کی خبروں کی پرنٹ میڈیا، الیکٹرانک میڈیا اور سوشل میڈیا میں تشہیر کروا سکے۔

اوکاڑہ پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن۔ 72 گھنٹوں میں مختلف کارروائیاں، 85 جرائم پیشہ ملزمان گرفتار۔ 48 خطرناک اشتہاری ملزمان گرفتار، 11 ناقابل ضمانت وارنٹ، 06 عدالتی مفروران شامل۔ منشیات فروشوں سے 40 کلو چرس، 1050 گرام افیون برآمد۔ ملزمان کیخلاف ناجائز اسلحہ کے 10 مقدمات درج۔ ملزمان سے 08 پستول، 01 رائفل اور 01 پمپ ایکشن اور گولیاں برآمد۔ زیر حراست ملزمان سے تفتیش جاری۔ قانون کے مطابق کاروائی عمل میں لائی جارہی ہے۔

گیمبر قادر آباد میں چکن مافیا بے لگام، 800 روپے کلو فروخت

گیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) گیمبر ضلعی انتظامیہ اور پرائز کنٹرول مجسٹریٹ کی نااہلی اور غفلت کی وجہ سے گیمبر قادر آباد میں چکن مافیا بے لگام چکن گوشت 750 سے 800 روپے کلو میں فروخت ہونے لگا۔ گیمبر کی عوام چکن مافیا کے رحم و کرم پر گیمبر کی عوام کی دہائی پرائز کنٹرول مجسٹریٹ شہری حلقوں تک محدود گیمبر قادر آباد میں چکن مافیا کو پوچھنے والا کوئی نہیں گیمبر قادر آباد کی عوام کا وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کمشنر ساہیوال اور ڈپٹی کمشنر ساہیوال سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ گیمبر قادر آباد میں چکن مافیا کو لگام دینے کے لیے اپنا کردار ادا کریں اور چکن مافیا کو کیفر کردار تک پہنچائیں تاکہ گیمبر قادر آباد کی عوام کو چکن گوشت سرکاری ریٹ لسٹ کے مطابق دستیاب ہو سکے

آر پی او ساہیوال کی قبولہ آمد، عدیل جٹ کی وفات پر تعزیت

عارف والا (امیر احمد خان سے) آر پی او ساہیوال کی قبولہ امد آر پی او ساہیوال محبوب رشید کی رکن صوبائی اسمبلی چوہدری عمران اکرم جٹ سے انکے کزن عدیل جٹ کی وفات پر اظہار تعزیت اور معروف کاروباری و سماجی شخصیت چوہدری طاہر اقبال جٹ کے ہمراہ عوامی افطاری میں خصوصی شرکت آر پی او ساہیوال محبوب رشید ایم پی اے چوہدری عمران اکرم جٹ کے آبائی گاؤں 49 ای بی قبولہ پہنچے جہاں انہوں نے مرحوم کے ایصال ثواب کے لئے دعائے مغفرت کی اس موقع پر ایم پی اے چوہدری عمران اکرم کے والد چوہدری محمد اکرم جٹ اور دیگر معززین علاقہ بھی موجود تھے آر پی او ساہیوال محبوب رشید نے go پیٹرولیم پمپ کے ڈائریکٹر چوہدری طاہر اقبال جٹ کے قبولہ میں تارہ پیٹرولیم پر روزانہ کی بنیاد پر لگنے والی عوامی افطاری میں بھی شرکت کی آر پی او ساہیوال محبوب رشید نے چوہدری طاہر اقبال جٹ کی جانب سے روزانہ کی بنیاد پر لوگوں کے لئے افطاری کا اہتمام کرنے پر انکی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ آپ کو اسکا اجر عظیم عطا فرمائے۔



جرم وسزا

CRIME & COURT

انتظامیہ نے آپریشن کلین اپ کا ایک بار پھر آغاز کر دیا

آپریشن میں ہیوی مشینری کا بھی استعمال کیا جا رہا ہے، اس کام میں دیگر سرکاری محکموں بلدیہ، ریونیو اور پولیس بھی شامل ہے



عارف والا (امیر احمد خان سے/نامہ نگار) انچارج ایڈمنسٹریشن ڈپٹی کمشنر پاکپتن ماریہ طارق کے حکم پر عارف والا میں تجاوزات کے خاتمہ کے لئے انتظامیہ نے آپریشن کلین اپ کا ایک بار پھر آغاز کر دیا اسسٹنٹ کمشنر ایڈمنسٹریٹر میر رومان خلیل کی قیادت میں ریل بازار اور دیگر بازاروں میں تجاوزات کے خلاف آپریشن کلین اپ جاری ہے آپریشن میں ہیوی مشینری کا بھی استعمال کیا جا رہا ہے، اس کام میں دیگر سرکاری محکموں بلدیہ، ریونیو اور پولیس بھی شامل ہے تمام دوکاندار تجاوزات کے خاتمہ میں حکومت سے تعاون کریں بصورت دیگر انکے خلاف سخت قانونی کارروائی بھی عمل میں لائی جائے گی، اسسٹنٹ کمشنر میر رومان خلیل کی وارننگ یاد رہے کہ گزشتہ روز ڈپٹی کمشنر پاکپتن ماریہ طارق نے دورہ عارف والا کے موقع پر تجاوزات کا نوٹس لیا تھا۔

دوستوں کے درمیان ہنسی مذاق کے دوران گولیاں چل گئیں

20 سالہ فیضان شدید زخمی: ہسپتال منتقل کر دیا گیا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) مرید کے نارووال روڈ نواحی گاؤں ننگل کلاں میں دوستوں کے درمیان ہنسی مذاق کے دوران لڑائی جھگڑا گولیاں چل گئیں جس کے نتیجے میں 20 سالہ فیضان فائر لگنے سے شدید زخمی ہوگیا جسے دیہی مرکز صحت نارنگ میں ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد لاہور میو ہسپتال ریفر کر دیا گیا اطلاع ملنے پر تھانہ نارنگ پولیس موقع پر پہنچ گئی اور تفتیش کا آغاز کر دیا ہے۔

مصطفیٰ آباد: جامعہ مسجد توحید و جامعہ ستاریہ میں دعوت افطار کا اہتمام

حضرت مولانا عبدالستار نیازی، حضرت مولانا قاری عبداللہ ساجد، حضرت مولانا محمد اعظم کا خصوصی خطاب



مصطفیٰ آباد/لیانی (نمائندہ خصوصی) جامعہ مسجد توحید و جامعہ ستاریہ میں دعوت افطار کا اہتمام حضرت مولانا عبدالستار نیازی، حضرت مولانا قاری عبداللہ ساجد، حضرت مولانا محمد اعظم کا خصوصی خطاب، تفصیلات کے مطابق جامعہ مسجد توحید و جامعہ ستاریہ میں حضرت مولانا عبدالستار نیازی کی طرف سے دعوت افطار کا اہتمام کیا گیا، دعوت افطار سے حضرت مولانا قاری عبداللہ ساجد، حضرت مولانا محمد اعظم سمیت دیگر مقررین نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ رمضان المبارک کی بابرکت لمحات ہمارے لئے قیمتی سرمایہ ہیں، سلام عام کرنے والے دوسرے مسلمان بھائیوں کی دعوت کرنے والے، ایک دوسرے کے ساتھ صلہ رحمی کرنے والوں کو معاف کر دیا جاتا ہے، تندرستی بہت بڑی نعمت ہے اس نعمت کا اندازہ اگانا ہے تو ہسپتالوں میں جا کر دیکھیں، وقت کتنے بڑی نعمت ہے اس بات کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ ہم ساری دنیا دیکر بھی اپنی زندگی کے چند لمحات میں اضافہ نہیں کر سکتے، اسی طرح رمضان المبارک بھی ایک بڑی نعمت ہے، ہر طرف نیکیوں کی بہار ہے، سحری و افطاری ہو رہی ہے، اللہ کا ذکر اور نوافل ادا ہو رہے ہیں، حضور ﷺ کا فرمان ہے کہ وہ انسان بدنصیب ہے جس کی زندگی میں رمضان آیا اور وہ اپنے گناہ نہ بخشوا سکا، افطار پارٹی میں مقامی علما کرام سمیت اہل علاقہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

سعید پٹھان ڈکیت گینگ کے 02 ارکان پولیس کے شکنجے میں

سی آئی اے پولیس کی کارروائی، ملزمان کے قبضہ سے 80 ہزار روپے نقدی اور 02 عدد موٹر سائیکل برآمد



گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال/نوید بخاری قوت بیورو) سماج دشمن عناصر کے خلاف بھرپور کاروائیاں کرنے پر لوگوں کا مقامی پولیس کو زبردست خراج تحسین۔ سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے ضلع بھر میں چوروں اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف سخت کاروائیاں کرنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں۔ انہی احکامات کے پیش انچارج سی آئی اے ڈی ایس پی انصر جاوید نے سب انسپکٹر اعجاز رفیق و دیگر ان پر ایک پولیس ٹیم تشکیل دی جنہوں نے اعلیٰ

روزنامہ ''قوت'' لاہور (7) بدھ 12 مارچ 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ



تمام اشتہارات ٹیک بھی جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے سطر پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کاٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

بیئر بوٹل

بیئر بوٹل، پاکستان کی قدیم و خوشحال تاریخ کا جیتا جاگتا ثبوت ہے۔ اس کی بنیاد 1860ء میں ہوئی تھی۔ اس وقت یہ ایک چھوٹی سی بوتل بند کمپنی تھی، جو مقامی لوگوں کو بیئر فراہم کرتی تھی۔ لیکن وقت کے ساتھ یہ ایک بڑا برانڈ بن گیا۔ 1947ء میں جب پاکستان بنا، تو بیئر بوٹل کے مالکان نے فیصلہ کیا کہ وہ یہیں رہیں گے اور اپنا کاروبار جاری رکھیں گے۔ 1950ء اور 1960ء کی دہائیوں میں بیئر بوٹل کی مقبولیت عروج پر تھی۔ اس کی بیئر کی بوتلیں ہر بار میں نظر آتی تھیں۔ لوگ اسے اس کے منفرد ذائقے اور معیار کی وجہ سے پسند کرتے تھے۔ کمپنی نے اپنی مصنوعات کو بہتر بنانے کے لیے جدید مشینری بھی لگائی۔ 1970ء کی دہائی میں بیئر بوٹل نے اپنی برآمدات بھی شروع کر دیں۔ اس کی بیئر کو بیرونِ ملک بھی پسند کیا جانے لگا۔ لیکن 1977ء میں ملک میں مارشل لاء لگ گیا۔ اس کے بعد حالات بدلنے لگے۔ 1979ء میں حکومت نے شراب پر پابندی لگا دی۔ اس کا بیئر بوٹل کے کاروبار پر بہت برا اثر پڑا۔ کمپنی کی فروخت کم ہو گئی۔ 1990ء کی دہائی میں بیئر بوٹل کے مالکان نے کوشش کی کہ وہ اپنا کاروبار بچا لیں۔ انہوں نے نئی بوتلیں اور نئے ذائقے متعارف کروائے۔ لیکن مقابلہ بہت سخت تھا۔ دوسری کمپنیاں بھی بیئر بنا رہی تھیں۔ 2000ء کی دہائی میں بیئر بوٹل کی فروخت بہت کم ہو گئی۔ 2010ء تک یہ کمپنی تقریباً ختم ہو چکی تھی۔ اس کی بوتلیں اب صرف پرانی دکانوں میں نظر آتی ہیں۔ بیئر بوٹل کی کہانی ہمیں سکھاتی ہے کہ وقت کے ساتھ بدلنا کتنا ضروری ہے۔ جو کمپنی بدلتے ہوئے حالات کو نہیں سمجھتی، وہ پیچھے رہ جاتی ہے۔ آج بیئر بوٹل ایک یاد ہے، ایک ایسا نام جو کبھی بہت مشہور تھا۔ لیکن اب صرف پرانے لوگوں کے دلوں میں زندہ ہے۔

بیئر بوٹل

بیئر بوٹل، پاکستان کی قدیم و خوشحال تاریخ کا جیتا جاگتا ثبوت ہے۔ اس کی بنیاد 1860ء میں ہوئی تھی۔ اس وقت یہ ایک چھوٹی سی بوتل بند کمپنی تھی، جو مقامی لوگوں کو بیئر فراہم کرتی تھی۔ لیکن وقت کے ساتھ یہ ایک بڑا برانڈ بن گیا۔ 1947ء میں جب پاکستان بنا، تو بیئر بوٹل کے مالکان نے فیصلہ کیا کہ وہ یہیں رہیں گے اور اپنا کاروبار جاری رکھیں گے۔ 1950ء اور 1960ء کی دہائیوں میں بیئر بوٹل کی مقبولیت عروج پر تھی۔ اس کی بیئر کی بوتلیں ہر بار میں نظر آتی تھیں۔ لوگ اسے اس کے منفرد ذائقے اور معیار کی وجہ سے پسند کرتے تھے۔ کمپنی نے اپنی مصنوعات کو بہتر بنانے کے لیے جدید مشینری بھی لگائی۔ 1970ء کی دہائی میں بیئر بوٹل نے اپنی برآمدات بھی شروع کر دیں۔ اس کی بیئر کو بیرونِ ملک بھی پسند کیا جانے لگا۔ لیکن 1977ء میں ملک میں مارشل لاء لگ گیا۔ اس کے بعد حالات بدلنے لگے۔ 1979ء میں حکومت نے شراب پر پابندی لگا دی۔ اس کا بیئر بوٹل کے کاروبار پر بہت برا اثر پڑا۔ کمپنی کی فروخت کم ہو گئی۔ 1990ء کی دہائی میں بیئر بوٹل کے مالکان نے کوشش کی کہ وہ اپنا کاروبار بچا لیں۔ انہوں نے نئی بوتلیں اور نئے ذائقے متعارف کروائے۔ لیکن مقابلہ بہت سخت تھا۔ دوسری کمپنیاں بھی بیئر بنا رہی تھیں۔ 2000ء کی دہائی میں بیئر بوٹل کی فروخت بہت کم ہو گئی۔ 2010ء تک یہ کمپنی تقریباً ختم ہو چکی تھی۔ اس کی بوتلیں اب صرف پرانی دکانوں میں نظر آتی ہیں۔ بیئر بوٹل کی کہانی ہمیں سکھاتی ہے کہ وقت کے ساتھ بدلنا کتنا ضروری ہے۔ جو کمپنی بدلتے ہوئے حالات کو نہیں سمجھتی، وہ پیچھے رہ جاتی ہے۔ آج بیئر بوٹل ایک یاد ہے، ایک ایسا نام جو کبھی بہت مشہور تھا۔ لیکن اب صرف پرانے لوگوں کے دلوں میں زندہ ہے۔

بعدالت جناب شہزاد ہرل
صاحب تحصیلدار ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال
درخواست تصدیق وراثت انتقال موقع نزد 6 کنال متوفی [illegible] ولد [illegible] ساکنان [illegible] بعدالت ہذا پیش کی گئی کہ متوفی [illegible] ولد [illegible] ساکنان [illegible] مورخہ [illegible] کو انتقال کر گیا ہے۔ متوفی کے ورثاء میں [illegible] ولد [illegible] ساکنان [illegible] [illegible] ولد [illegible] ساکنان [illegible] [illegible] ولد [illegible] ساکنان [illegible]

لاہور: فوڈ اتھارٹی کا کریک ڈاؤن، 1720 فوڈ پوائنٹس کی چیکنگ کی

قوانین کی خلاف ورزی پر 27 لاکھ 82 ہزار کے جرمانے 1 یونٹ کی پروڈکشن بند، 1 کے خلاف مقدمہ درج: ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی

3150 کلو مردہ مرغیاں، 3200 لٹر ملاوٹی دودھ، 120 کلو ایکسپائر اشیاء، 216 کلو آئل، بیورجز اور کیچ اَپ تلف کیا گیا

لاہور (این این آئی) ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید کی ہدایت پر فوڈ سیفٹی ٹیموں نے گلبرگ، ویلنشیا، گریٹر ڈاون سمیت لاہور بھر میں کریک ڈاؤن کرکے 1720 فوڈ پوائنٹس کی چیکنگ کی خلاف ورزی پر 27 لاکھ 82 ہزار کے جرمانے 1 یونٹ کو پروڈکشن بند جبکہ 1 کے خلاف مقدمہ درج کردیا گیا۔ ٹولنٹن مارکیٹ میں 44 ہزار 500 کلو مرغیوں کی چیکنگ کی گئی جس میں سے 3150 کلو مردہ مرغیاں، 3200 لٹر ملاوٹی دودھ، 120 کلو ایکسپائر اشیاء، 216 کلو آئل، بیورجز اور کیچ اَپ تلف کردیا گیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید کے مطابق ٹولنٹن مارکیٹ میں 18 گوداموں اور سپلائرز ڈپوؤں میں موجود مرغیوں کا معائنہ کیا گیا۔ پولٹی مالکوں میں کریک ڈاؤن کے دوران بچی ایریا میں ناقص سفید رنگ، آلودہ ٹرین اور کیزے کھڑوں کی بھرمار پائی گئی، ساتھ ہی دکی ہدایات پر محلہ (باقی صفحہ پر پیجہ نمبر 47)

کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی میں گلوکوما آگاہی واک کا انعقاد

دنیا میں اندھے پن کی تیسری بڑی وجہ گلاکوما ہے، اس وقت دنیا میں ستر لاکھ سے زائد افراد اس مرض کا شکار ہیں، پاکستان میں ماہانہ پانچ کی 7 فیصد وجہ گلاکوما ہوتا ہے

گلوکوما کے خلاف آگاہی ہی ہمارا مضبوط ہتھیار ہے، اداروں، حکومت اور میڈیا کے باہمی اشتراک سے ہم اس مرض پر بروقت قابو پاسکتے ہیں، پروفائس چانسلر



لاہور (خبر نگار) کالج آف آفتھلمالوجی ایڈورڈز ایڈورڈین سائنسز (COAVS) اور میو ہسپتال، کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی لاہور نے منگل 11 مارچ 2025ء کو گلوکوما آگاہی واک کا انعقاد کیا، اس تقریب کا مقصد گلوکوما کی بروقت تشخیص اور ورک شاپ کی اہمیت کو اجاگر کرنا تھا۔ واک کا انعقاد COAVS اور انسٹیٹیوٹ آف آفتھلمالوجی سے رجسٹرڈ ہاؤس کیا گیا۔ جس میں صحت (باقی صفحہ پر پیجہ نمبر 52)

لاہور: کالج آف آفتھلمالوجی ایڈورڈین سائنسز (COAVS) اور میو ہسپتال، کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی لاہور نے منگل 11 مارچ 2025ء کو گلوکوما آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا

کراچی میں موسم بدلتے ہی سانس کے امراض میں اضافہ

سانس کے مرض میں مبتلا یومیہ 150 سے زائد افراد آرہے ہیں، ایمرجنسی اور انجائر سول اسپتال

کراچی (این این آئی) کراچی میں موسم بدلتے ہی سانس کے امراض میں اضافہ ہوگیا، ایمرجنسی انجائر سول اسپتال کے مطابق سول اسپتال میں سانس کے مرض میں مبتلا یومیہ 150 سے زائد افراد آرہے ہیں۔ جناح اسپتال کے طبی ماہر کا کہنا ہے کہ (باقی صفحہ پر پیجہ نمبر 56)

جناح اسپتال میں بھی سانس کے مریضوں کی تعداد یومیہ 150 ہوگئی ہے، طبی ماہرین کا کہنا ہے کہ سانس کی بیماریوں سے سب سے زیادہ متاثر بچے ہو رہے ہیں، مرض کی وجہ سے خرابی، نزلہ اور کھانسی کی شکایت کے ساتھ اسپتال (باقی صفحہ پر پیجہ نمبر 56)

دکھی انسانیت کے زخموں پر مرہم رکھنے کا ہر منصوبہ شروع کیا گیا ہے: خواجہ سلمان رفیق

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں صحت کے شعبہ میں تاریخی اور بنیادی اقدامات اٹھائے جارہے ہیں، صوبائی وزیر صحت

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کے دوران چیف منسٹرز چیلنج پارٹ مرحلہ پروگرام، چیف منسٹرز ایکسلر پروگرام، چیف منسٹرز سیٹلائٹ اسٹیٹ پروگرام، چیف منسٹرز ایمرجنسی اسٹیٹ پروگرام، چیف منسٹرز ایئر فار ٹرانسلانٹ پروگرام اور چیف منسٹرز سیٹلائٹ آئی ایونز ایکسلنس پروگرام (باقی صفحہ پر پیجہ نمبر 3)



لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس منعقد ہوا

ایئر وسپیس بائیکی گروپ پنجاب میں سرمایہ کاری بڑھانے، وزیر صنعت پنجاب

شافع حسین سے ایکسرک وبمبکر ویکسر وابسہ انٹرنیشنل کمپنی ایئر وسپیس بائیکی کے وفد کی ملاقات، سرمایہ کاری کے سازگار ماحول پر بات چیت

پنجاب میں سرمایہ کاری کیلئے بہترین وقت اور سازگار ماحول موجود ہے، غیر ملکی سرمایہ کار پنجاب میں سرمایہ کاری کے مواقع سے فائدہ اٹھائیں

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین سے ایکسرک وبمبکر ویکسر وابسہ انٹرنیشنل کمپنی ایئر وسپیس بائیکی کے وفد نے (باقی صفحہ پر پیجہ نمبر 34)



لاہور: خواجہ انور امین پنجاب اسمبلی اجلاس میں شرکت کے بعد واپس جارہی ہیں

حکومت کا چینی کے بجائے شکر درآمد کرنے کا فیصلہ

درآمد شدہ شکر کو مقامی سطح پر ریفائن کرکے چینی میں تبدیل کیا جائے گا، کاشتکاروں کا خیر مقدم

لاہور (این این آئی) ملک میں چینی کی بڑھتی قیمتوں کے پیش نظر وفاقی حکومت نے بڑا قدم اٹھاتے ہوئے چینی کے بجائے شکر درآمد کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے، اپوزیشن اور حزب اقتدار کا فیصلہ وفاقی کابینہ کرے گی۔ وزارت صنعت وپیداوار کے ذرائع کے مطابق چینی کی قیمتوں کو منظم رکھنے اور سارشی کو روکنے کیلئے شکر درآمد کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ شکر کی درآمد (باقی صفحہ پر پیجہ نمبر 38)

غیرت کے نام پر بہن کے قتل کے معاملے میں پیشرفت، ملزم بھائی گرفتار

لاہور کے 23 سالہ لائبہ کو غیرت کے نام پر فائرنگ کرکے قتل کردیا تھا، دوسرے کی تلاش جاری

لاہور (این این آئی) ہرنس پورہ میں غیرت کے نام پر بہن کے قتل کے معاملے میں پیشرفت ہوئی ہے، پولیس نے ایک ملزم بھائی کو گرفتار کرلیا جبکہ دوسرے کی گرفتاری کے لئے کوششیں جاری ہیں۔ پولیس کے مطابق ملزم اپنی بہن لائبہ کو فائرنگ کرکے قتل کیا تھے، گرفتار کیا گیا ہے جبکہ دوسرا بھائی تاحال مفرور ہے۔ پولیس نے دو (باقی صفحہ پر پیجہ نمبر 40) بھائیوں کے خلاف مقدمہ درج کرلیا ہے۔

موٹروے پر اوور سپیڈ، 20 مقدمات درج، ایک ڈرائیور گرفتار

لاہور سیالکوٹ موٹروے پر ڈرائیوروں کے خلاف 4 مقدمات درج کیے گئے: ترجمان

لاہور (این این آئی) موٹروے پولیس کے اوور سپیڈ کرنے والی گاڑیوں کے ڈرائیورز کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، خلاف ورزیوں پر 20 مقدمات درج جبکہ ایک ڈرائیور کو گرفتار کر لیا گیا۔ ترجمان موٹروے سید عمران احمد کے مطابق لاہور سیالکوٹ موٹروے پر ڈرائیورز کے خلاف 4 مقدمات درج کیے گئے، لاہور اسلام آباد موٹروے پر 6 مقدمات درج کیے گئے، ایم ٹرئی پر (باقی صفحہ پر پیجہ نمبر 41)

لاہور: کالج آف آفتھلمالوجی ایڈورڈین سائنسز (COAVS) اور میو ہسپتال، کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی لاہور نے منگل 11 مارچ 2025ء کو گلوکوما آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا



وائس چانسلر پروفیسر محمود ایاز صوبائی محتسب پنجاب نبیلہ حامد کو یونیورسٹی کی یادگاری شیلڈ دیتے ہوئے اس موقع پر سینئر صحافی واصف ناگی، پرو وائس چانسلر پروفیسر محمد معین، رجسٹرار پروفیسر محمد عمران بھی موجود

کراچی سے راولپنڈی جانے والی تیز گام ایکسپریس حادثے کا شکار

مسافر ٹرین کی ایک بوگی روہڑی اسٹیشن پر ٹریک سے اتر گئی، حادثے کے باعث ٹریک بلاک ہوگیا

روہڑی (این این آئی) کراچی سے راولپنڈی جانے والی تیز گام ایکسپریس روہڑی اسٹیشن پر حادثے کا شکار ہوگئی، ریلوے ترجمان کے مطابق مسافر ٹرین کے ایک بوگی روہڑی اسٹیشن پر ٹریک سے اتر گئی، حادثے کے باعث ٹریک بلاک ہوگیا اور پٹری کو بھی نقصان پہنچا ہے۔ حادثے کی اطلاع ملنے کے بعد امدادی کارروائیاں جاری ہیں جبکہ حادثے کے باعث پاکستان کے دیگر (باقی صفحہ پر پیجہ نمبر 46)

پنجاب حکومت آئین کی مسلسل پامالی پر گامزن ہے: شاہ حسین امیٹ ورک

ملک کے دیگر حلقوں کی طرح صوبوں میں مقامی حکومتیں کب سے قائم ہوچکیں، ڈاکٹر ارشد محمود

لاہور (خبر نگار) شاہ حسین ریجنل نیٹ ورک کی رکن تنظیموں نے پنجاب میں منتخب مقامی حکومتوں کے مسلسل عدم قیام پر تشویش کا شدت سے اظہار کیا، تفصیل کے مطابق پنجاب میں مقامی حکومتوں کے



لاہور: ممبران ریجنل کونسل شاہ حسین نیٹ ورک مطالباتی ریلی، پنجاب میں مقامی حکومتوں کے فوری انتخابات کروائے جائیں کے ذریعے مطالبہ کررہے ہیں

مقامی سیاستدانوں نے چوتی شہر کے مسائل میں کوئی کمی نہیں چھوڑی

مقامی سیاستدان اقتدار میں آکر عوام کو بھول جاتے ہیں: شہری حلقے

سیاستدانوں کی بے حسی سے مسائل جنم لیتے ہیں، بڑھتے ہوئے مسائل سے شہری پریشان ہیں

چوتی (این این آئی) صدر ان سول سوسائٹی سوہنا سیوریج بحفائی، تجاوزات کی بھرمار کے سبب بڑا مسئلہ ہے مسائل کی وجہ سے شہری آئے روز موذی بیماریوں میں مبتلا ہورہے ہیں الودگی کی وجہ بیماریوں میں اضافہ ہورہا ہے سرکوں پر بھی مقامی تجزیاتی کا باعث بن رہا ہے اعلیٰ پنجاب وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف، چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان سے مطالبہ کرتے (باقی صفحہ پر پیجہ نمبر 50)

تکنیکی ، آپریشنل وجوہات کے باعث متعدد پروازیں منسوخ

منسوخ ہونے والی پروازوں میں لاہور، اسلام آباد، کوئٹہ اور دبئی جانے والی پروازیں شامل ہیں

لاہور (این این آئی) تکنیکی اور آپریشنل وجوہات کے باعث گیارہ پروازیں منسوخ کردی گئیں، منسوخ ہونے والی پروازوں میں مختلف مقامات کی پروازیں شامل ہیں جن میں لاہور، اسلام آباد، کوئٹہ اور دبئی جانے والی پروازیں شامل ہیں۔ منسوخ ہونے والی پروازوں کی تفصیلات کے مطابق کراچی سے لاہور سیرین ایئر کی پرواز ای ٹی 524، کراچی سے اسلام آباد سیرین ایئر کی پرواز ای ٹی 504، کراچی سے لاہور ایئر بلو کی پرواز پی ایف 402، کراچی سے لاہور ایئر سیال کی پرواز پی ایف 145، 143، کراچی سے اسلام آباد ایئر سیال کی پرواز پی ایف 125، 123، کراچی سے کوئٹہ پی آئی اے کی (باقی صفحہ پر پیجہ نمبر 48)

پشاور ہائی کورٹ کا پی ٹی آئی کے رکن اسمبلی کو گرفتار نہ کرنے کا حکم

افتخار مشوانی نے مقدمات کی تفصیل سے متعلق درخواست دائر کی ہے: ذرائع

پشاور (این این آئی) پشاور ہائی کورٹ نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رکن صوبائی اسمبلی افتخار مشوانی کو کسی بھی مقدمے میں گرفتار کرنے کا حکم دے دیا۔ پی ٹی آئی رہنما اور رکن صوبائی اسمبلی افتخار مشوانی کی مقدمات کی تفصیل کے لیے دائر درخواست پر پشاور ہائی کورٹ کے جسٹس صاحبزادہ اسداللہ اور جسٹس اورنگزیب خان نے سماعت کی۔

پولیس کا گرینڈ آپریشن، 7 نشئیات فروشوں سے 50 کلو چرس برآمد

کارروائیاں وزیر اعلیٰ پنجاب کی نشئیات سے پاک پنجاب مہم کے دوران کی گئیں، مقدمات درج

چھرمشاہ قبیم (این این آئی) پولیس کا نشئیات ڈیلنز کیخلاف گرینڈ آپریشن سات گرفتار 50 کلو گرام سے زائد چرس، انجن برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی نشئیات سے پاک پنجاب مہم میں سماج دشمن عناصر کے خلاف پولیس کی بڑی کارروائیوں کے دوران جڑوہ پولیس نے



غزہ: فلسطینی مرد وخواتین قانون سازی کی حمایت میں منعقدہ احتجاجی مظاہرے میں شریک ہیں

علمائے اکرام پر حملے ملکی سلامتی کے خلاف سازش ہیں، جے یو آئی

آئے روز خیبر پختونخوا، بلوچستان میں جنازے اٹھائے جارہے ہیں آخر اس کا ذمہ دار کون ہے؟

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) کی لاہور کے مفتی خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شیخ بٹ، سالار مولانا محمد نعیم، ڈپٹی جنرل سیکرٹری مولانا عبدالودود شاہد، صدر لاہور زون مولانا محمد ہاشم شہازی ایڈووکیٹ، صدر لاہور زون مولانا فیضان شیخ بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ (باقی صفحہ پر پیجہ نمبر 43)

کراچی؛ چینی ہاشندوں پر حملہ کیس، پولیس کا چالان عدالت میں جمع

ملزمان بشیر، عبدالرحمٰن عرف رحمانگل اور سراج عرف داشق مفرور، 2 ملزمان گرفتار ہیں

کراچی (این این آئی) کراچی میں جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے قریب غیر ملکیوں پر حملے کے کیس میں پولیس نے چالان عدالت میں جمع کرا دیا۔ کراچی کی انسداد دہشت گردی کی عدالت میں پولیس کونسل مولانا حیاس محمد نے کہا ہے کہ (ن) لیگ نے ملکی تعمیر و ترقی کیلئے دن رات ایک کردیا ہے، ہمارا مقصد ملک کی خدمت کرنا ہے، ہمارا مقصد خدمت کی سیاست کا تھا ہم مخالفت کی سیاست کی بجائے عوام کی خدمتی خدمت کررہے ہیں، (ن) ایک عوام کی خدمتی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور ہر مرحلے پر عوام کے (باقی صفحہ پر پیجہ نمبر 45)

(ن) لیگ نے ملکی تعمیر و ترقی کیلئے دن رات ایک کردیا، میاں اسلم ندیم

(ن) لیگ عوام کی خدمتی خدمت پر یقین رکھتی ہے، ہر مرحلے پر عوام کے ان کے ساتھ کھڑے ہیں

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) لاہور زون کے مشائخ ونگ لاہور ڈویژن کے سیکرٹری جنرل رکن جنرل کونسل مولانا حیاس محمد المعروف کے کہا ہے کہ (ن) لیگ نے ملکی تعمیر و ترقی کیلئے دن رات ایک کردیا ہے، ہمارا مقصد ملک کی خدمت کرنا ہے، ہمارا مقصد خدمت کی سیاست کا تھا ہم مخالفت کی سیاست کی بجائے عوام کی خدمتی خدمت کررہے ہیں، (ن) لیگ عوام کی خدمتی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور ہر مرحلے پر عوام کے ان کے ساتھ کھڑے ہیں

ہمارے سلام اب بھی خواتین کے حقوق اور انصاف کا ہمیں تعلیم دی ہے: پروفیسر محمود ایاز

انچ ای ای اور صوبائی محتسب پنجاب کی ہدایات کے مطابق تمام تر اصولوں پر کاربند ہیں، پروفیسر محمود ایاز، پاکستان میں خواتین مختلف طریقوں سے حراسمنٹ کا شکار ہورہی ہیں، واصف ناگی

کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کے زیر اہتمام خواتین کو ہراساں کرنے سے بچاؤ کے حوالے سے آگاہی سیمینار کا انعقاد، صوبائی محتسب پنجاب نبیلہ حامد کملی نے خصوصی شرکت کی

لاہور (خبر نگار) کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کے زیر اہتمام خواتین کو ہراساں کرنے سے بچاؤ کے حوالے سے آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا، جس میں صوبائی محتسب پنجاب نبیلہ حامد کملی نے خصوصی شرکت کی، اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر محمود ایاز، سینئر پروفیسر ڈاکٹر عبدالباقی، پروفیسر طارق محمود چغتائی، چیف گرلز گائیڈ واصف ناگی، پرو وائس چانسلر پروفیسر محمد معین، رجسٹرار پروفیسر محمد عمران، پروفیسر ناہید شورش، پروفیسر زاہد اختر، پروفیسر فرحت جبیں، پروفیسر ثمینہ کمال، پروفیسر ارشد، پروفیسر محمود الحسن، پروفیسر عبدالباقی